صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 13 جنوری 2009 بمطابق 15 محرم الحرام 1430 ہجری صبح گیارہ بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَمِنَ النَّاسِ مَن یُعۡجِبُكَ قَوۡلُهُ فِی الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا وَیُشۡهِدُ اللّٰهَ عَلٰی مَا فِی قَلۡبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ الۡخِصَامِ0وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الۡاَرۡضِ لِیُفۡسِدَ فِیهَا وَیُهۡلِكَ الۡحَرۡثَ وَالنَّسۡلَ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ الۡفَسَادَ0وَاِذَا قِیلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتۡهُ الۡعِزَّةُ بِالۡاِثۡمِ فَحَسۡبُهُ جَهَنَّمُ وَلَبِئۡسَ الۡمِهَادُ۔ صَدَقَ اللّٰهُ الۡعَظِیمِ۔

(ترجمہ): اور کوئی شخص تو ایسا ہے جس کی گفتگو دنیا کی زندگی میں تم کو دلکش معلوم ہوتی ہے اور وہ اپنی مانی الضمیر پر خدا کو گواہ بناتا ہے حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے۔ اور جب پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے تو زمین میں دوڑتا پھرتا ہے تاکہ اس میں فتنہ انگیزی کرے اور کھیتی کو (برباد) اور (انسانوں اور حیوانوں کی) نسل کو نابود کردے اور خدا فتنہ انگیزی کو پسند نہیں کرتا۔ اور جب اس سے کہا جاتا ہے کہ خدا سے خوف کر تو غرور اس کو گناہ میں پھنسا دیتا ہے۔ سو ایسے کو جہنم سزاوار ہے۔ اور وہ بہت برا ٹھکانہ ہے۔ وآخِرُ الدَعۡوَانا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Speaker: 'Questions' Hour', Irrigation Department. Hafiz Akhtar Ali Sahib, Question No.. 56.

* 56 ۔حافظ اختر علی: کیا وزیر آبپاشی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) آیا یہ درست ہے کہ بائیزئی ایریگیشن سکیم صوبہ سرحد کیلئے ایک کثیر الفوائد منصوبہ ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیم اے ڈی پی اور وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیم کیلئے مرکزی حکومت کی طرف سے کافی فنڈ بھی ریلیز ہوئے ہیں؛

(د) اگر(ا)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ منصوبے پر کام کیوں شروع نہیں کیا جارہا؟

جناب پرویز خٹک(وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) مذکورہ سکیم کیلئے مرکزی حکومت نے مندرجہ ذیل فنڈز ریلیز کئے ہیں:

سال	رقم
2006-07	63.764 ملین روپے
2007-08	25.00 ملین روپے

(د) مذکورہ منصوبے کے منظور شدہ پی سی ون میں مشاورتی خدمات (Consultancy Services for survey, Investigation, Detail Design & Construction supervision of Baizai Irrigation Scheme) کیلئے مبلغ 29.00 ملین روپے کی رقم مختص کی گئی تھی۔ مشاورتی خدمات کی تکمیل کیلئے کنسلٹنٹس کی پری کوالیفکیشن کی گئی اور کنسلٹنٹس سے تکنیکی اور مالی تجاویز (Technical & Financial Proposals) طلب کی گئیں۔ سال 2006-07 کے دوران کنسلٹنٹس نے مشاورتی خدمات کیلئے مبلغ 86.371 ملین روپے کی مالیاتی تجویز (Bid) پیش کی جو کہ پی سی ون میں منظور شدہ رقم یعنی 29.00 ملین روپے سے بہت زیادہ تھی، لہذا صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا کہ مذکورہ مشاورتی خدمات (Consultancy Services) کو دوبارہ اخبارات میں مشتہر کیا جائے۔ لہذا مشاورتی خدمات کو اخبارات میں دوبارہ مشتہر کرنے کے بعد سات عدد کنسلٹنٹس کو پری کوالیفائی کر لیا گیا ہے اور مذکورہ مشاورتی خدمات کیلئے ٹی او آرز (TORs)، ڈی سی ایس سی (DCSC) کی

منظوری کیلئے مورخہ 15/05/2008 کو ارسال کردیئے گئے ہیں جن کی منظوری کے بعد پری کوالیفائڈ (Pre-Qualified) کنسلٹنٹس (L.O.I) Letter of Intent جاری کیا جائے گا اور ان سے تکنیکی اور مالیاتی تجاویز طلب کی جائیں گی جس کے بعد کامیاب کنسلٹنٹس کو مشاورتی خدمات (Consultancy) کی (DCSC) سے منظوری کے بعد ورک آرڈر جاری کیا جائے گا۔ مذکورہ منصوبہ کا Revised PC-I مبلغ 1810.621 ملین روپے پی ڈی ڈبلیو پی نے مورخہ 12/05/2008 کو کلیئر کرکے وفاقی حکومت کی منظوری کیلئے ارسال کردیا گیا ہے۔ سروے، تفتیش (Investigation) اور تفصیلی ڈیزائن کی تکمیل کے بعد منصوبہ کے ٹینڈر جاری کئے جائیں گے اوراس کے بعد منصوبہ پر کام شروع کردیا جائیگا جوکہ انشاءاللہ تین سال کے عرصہ میں 12-2011 میں مکمل ہوگا۔

Mr. Speaker: Any supplementary question? Hafiz Akhtar Ali Sahib.

حافظ اختر علی: جناب سپیکر صاحب، جواب خو د دوئ راغلے دے خو سپلیمنٹری سوال دا دے چہ یو خو دوئ د ھغے ادوار لیکلی دی خو منسٹر صاحب د مونږ ته کرنټ پوزیشن واضح کړی۔

جناب سپیکر: حافظ اختر علی صاحب کا مائیک آن کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں جی جو دوایک مائیک کام کرتے ہیں، ادھر چلے جائیں۔

حافظ اختر علی: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب د دے Permission به ورکوئ جی، د پردی سیټ نه دوئ خبرے نه شی کولے ، د دے Permission به ورکوئ۔

جناب سپیکر: خیر دے دا د نگہت بی بی سیټ دے خو حافظ اختر علی صاحب ته پرے Permission شته۔

حافظ اختر علی: ما دا وائیل، وَلِلرِّجَالِ عَلَيۡهِنَّ دَرَجَة، نو منسټر صاحب د مونږ ته صرف دا خبره واضحه کړی جی چه د دے لړ کرنټ پوزیشن مونږ ته اوښائی۔ منسټر صاحب خو ډیر ښه سړے دے ، په فلور باندے ډیر حق بیانوی او دویم سپلیمنټری زما دا دے چه په دیکښے بائیزئی ایریگیشن سکیم چه دا یو ډیر اهم سکیم دے او د سابق وزیر اعلیٰ صاحب په ذاتی کوششونه سره دا منظور شوے وو، په دیکښے اوس جی دا کوم پوسټونه دی، یو ټیکنیکل پوسټونه دی او یو دا کلاس

فور وغیره دی نو که منسټر صاحب مونږ ته صرف دا وضاحت اوکړی چه دا ټیکنیکل پوستونه به په میرټ باندے کیږی او که نه د مردان دے ایجوکیشن په شانتے په پیسو باندے خرڅیږی؟ او بله دا چه دا لوکل، مقامی خلق به په دے کلاس فور باندے اخلی او که نه د بهر نه به خلق راولی؟

Mr. Speaker: Ji, any supplementary, any other supplementary?

مفتی کفایت اللہ: جی۔

جناب سپیکر: جی مفتی کفایت اللہ صاحب۔ ستاسو آواز ټهیک دے، پوره دے جی، تاسو دا سے هم وئیلے شئ۔

مفتی کفایت اللہ: زهٔ جی په دے خفا نه یمه چه لکه دا لائټ چه دے، دا آف کیږی، زهٔ وایمه ستاسو زړه کښے چه کوم لائټ دے، هغه د آف نه شی جی، مهربانی جی۔ دا سوال جی د حافظ صاحب سوال دے او دا دے جز (د) کښے دوئ جواب راکړے دے چه "منظور شدہ پی سی ون مشاورتی خدمات کیلئے"، بیا د هغے پوره تفصیل دے، زما دیکښے سوال دا دے د محترم وزیر صاحب نه چه د دوئ دا پراسس ډیر زیات Slow دے، یعنی د دے د پاره یو نسل غواړی، یو نسل فنا شی، بل نسل چه راشی نو هغه ته به خبره یاده نه وی، آخر دغے محکمے دومره غفلت ولے کړے دے چه دومره Slow process ئے چلولے دے او تر اوسه پورے مونږه د دے نه مستفید نه شو؟ که Kindlyدوئ لږ غوندے د دے وضاحت اوکړی نو ډیره مهربانی به وی جی۔

Mr. Speaker: Any other supplementary? Ji Minister Irrigation please.

وزیر آبپاشی: جناب سپیکر، حافظ اختر علی صاحب Already ایریګیشن منسټر وو، د دے کارکردګی دوئ ته زیاته ښه معلومه ده خو څنګه چه، اول جواب به زهٔ د نوکرئ ورکوم چه کومه طریقه دوئ اختیار کړے وه۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا فائل د دے مائیک نه لږ لرےساتئ نو، جی۔

وزیر آبپاشی: ښه، دا جی کومه طریقه په نوکرو کښے چه دوئ اختیار کړے وه، انشاء اللہ هغه طریقه به ساتو او که هغه په میرټ نه وو شوے، مونږ به کوشش

کوؤ چه په میرټ باندے اوکړو او د هغے نه به مونږ شا ته نه ځو۔ (تالیاں)
دویم دا ایریګیشن سکیم چه کوم دے ، دا ډیر اهم سکیم دے ، Latest position د
دے دا دے جی چه پی ډبلیو پی د دے سکیم اپروول 1.08 بلین ورکړے دے او
کنسلټنټ سره زمونږه ایګریمنټ اوشو او ډیر زر به په هغے باندے ، چونکه دا
کنسلټنسی ټائم لږ اخلی ، د دوئ په وخت کښے هم کافی ټائم اغستے دے ، مونږه
دے ته نوے طریقه کوشش کوؤ چه شارټ نه شارټ ټائم کښے دا کنسلټنسی
اوشی ځکه چه زمونږ ډیر سکیمونه د دے وجے نه په کالونو باندے Delay
کیږی۔ په یو نوے دغه باندے مونږه روان یو چه دے ته یو آسانه طریقه جوړه کړو۔

Mr. Speaker: Thank you Ji. Question No. 77, Dr. Zakirullah Khan Sahib.

* 77 ۔ ڈاکٹر ذاکراللہ خان: کیاوزیرآبپاشی وتوانائی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(ا) آیایہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی نے تحصیل ادینزئی دیر پائیں میں ریگولر، نرپ،اے ڈی پی اوراے ایم اینڈآر فنڈ سے مختلف جگہوں پر ترقیاتی کام یعنی حفاظتی بند، واٹر چینل کی پختگی اور مرمت کا کام مکمل کیا ہے;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ادینزئی میں حفاظتی بند (پشتے) اور واٹر چینل کی تعداد، جگہ اور کام کی نوعیت، ٹھیکیدار کا نام اور اداشدہ رقم کی تفصیل جنوری 2006 سے لیکر جون 2008 تک بمعہ ٹھیکیدار، فنڈز، ریٹ (Above or below) فراہم کی جائے؟

جناب پرویزخٹک (وزیرآبپاشی وتوانائی): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) تفصیل ضمیمہ (الف) میں ملاحظہ فرمائیں۔

Mr. Speaker: Any supplementary question?

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: دے (ب) جز کښے جی ما مکمل تفصیل غوښتے دے ، د واټر
چینل تعداد ، د کار نوعیت او د هغے د پاره رقم چه څومره لګیدلے دے جی او د
ټهیکیدار نوم، اشتهارات، فنډ، دا ټول هر څه جی ما غوښتی دی، زهٔ وایم چه،
منسټر صاحب نه جی یو ضمنی سوال خو مے دا دے چه دا پچیس سکیمونه دی،
دا پچیس سکیمز دی، په دیکښے صرف د شپږ سکیمونو اشتهارات ورکړے
شوے دی او د دے نورو نه دی ورکړے شوی، اول دا تپوس کومه جی چه دا شپږ
خو په ټینډر راغلل چه اخبار ته ورغلی دی، دا بقایا کوم سکیمونه چه دی، د دے

طریقه کار ښنګه دے خلقو له د ورکولو؟ یوه خبره جی، دویم کوئسچن ورسره جی دا دے چه دا Below & Above دا ریټونه چه دی، دا د Schedule 99 نه 33% Below دی، زهٔ دا وایمه چه 33% په دغے کښے Below که فنډ لاړ شی نو چه د کار معیار او د هغے مقدار دا به برابر وی او که نه وی هغه به لکه خرابیږی؟

Mr. Speaker: Any other Supplementary question regarding this question?

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، میرا اس میں ضمنی کوئسچن یہ ہے جی کہ یہ below 39% انہوں نے کہا، اس پر آٹھ پرسنٹ ان کا انکم ٹیکس ہوگا، اس پر ان کی سیکیورٹی کاٹی جائے گی اور اس کے بعد یہ کام پر کیا خرچ کریں گے؟ اور اس کام کی کوالٹی کیا بنے گی؟ اسلئے کہ Below ٹینڈر آتے ہیں۔ ان کا ان سے Analysis کیا جائے، اگر وہ کنٹریکٹر یا وہ فرم ثابت نہ کر سکیں کہ یہ کام Workable ہے تو اس ٹینڈر کو کینسل کیا جائے جی، یہ پریکٹس تو ویسے ہی یہ ٹینڈر ہوتے رہیں گے اور اس پہ کام نہیں ہوگا جی۔

جناب سپیکر: جی، آپ کے خیال میں یہ خانہ پری کیلئے ہے؟

حاجی قلندر خان لودھی: صرف خانہ پری ہے۔ سر، تیس اور چالیس پرسنٹ پر کون کام کر سکتا ہے؟ یہ کیسے کام چل سکتا ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان!

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، اگر زیادہ پیسے دیں تو پھر اس سے زیادہ کام چل سکتا ہے۔

حاجی قلندر خان لودھی: نہیں، At top basis دیکھیں، Below پر جب آتے ہیں چالیس پرسنٹ ایک آدمی Quote کرتا ہے تو آپ بتائیں کہ پی سی ون غلط ہے، اسٹیمیٹ غلط ہے؟ ڈیپارٹمنٹ نے یہ کیوں اتنا پرسنٹ دیا ہے؟

جناب سپیکر: ابھی یہ جو نئے ریٹ Revise ہوئے ہیں، وہ کتنے پرسنٹ زیادہ ہوئے ہیں؟

حاجی قلندر خان لودھی: وہ تو above 10% تک جا سکتا تھا جی اس وقت۔

جناب سپیکر: ابھی Increase کتنا ہوا ہے شیڈول میں؟

حاجی قلندر خان لودھی: ابھی تو increase 100% ہوئے ہیں، increase 120% ہو گیا۔

جناب سپیکر: کتنا؟

حاجی قلندر خان لودھی: 120% increase ہے ناجی۔

جناب سپیکر: اور یہ پرانے سے بھی اتنا کم ہے؟

حاجی قلندر خان لودھی: یہ پرانا ہے اور ابھی یہ Linger on کرتے رہیں گے اور پتہ نہیں اس نے جو ایڈوانس لے لیا ہوگا اور چلا گیا ہوگا اور اس کے بعد جگہ پر کام کیا ہوگا جی؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی نگہت بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میری سیٹ تو قبضہ ہوئی تھی، بہر حال ابھی خالی ہو گئی ہے لیکن اسی سوال کے حوالے سے میرا ایک ضمنی کوئسچن ہے، وہ یہی ہے کہ جیسا کہ عام جو کنٹریکٹرز ہوتے ہیں، جب وہ Below پر چلے جاتے ہیں تو میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ تمام منسٹرز صاحبان جو یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں کہ آیا جو Below پہ یہ ٹینڈرز ان کو دے دیتے ہیں تو کیا ان سے اتنی ہی زیادہ پھر سیکیورٹی لی جاتی ہے کیونکہ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جب Below پہ کنٹریکٹ دے دیا جاتا ہے تو پھر وہی کنٹریکٹر آتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ جی ہم چونکہ اس میں نقصان میں جا رہے ہیں یا تو وہ کام چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے اور یا پھر وہ کہتا ہے کہ اب اس کو زیادہ ریٹ پر کر دیا جائے۔ تو اس سلسلے میں، کیا آنریبل منسٹر صاحب، بتائیں گے کہ ان کی سیکیورٹی کتنی لی جاتی ہے، ان کی سیکیورٹی کس بینک میں جمع کرائی جاتی ہے؟

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی مفتی کفایت اللہ صاحب۔ یہ اتنے زیادہ کوئسچنز ہو رہے ہیں، منسٹر صاحب! تھوڑا نوٹ کر لیا کریں، یہ آپ بھول جائیں گے۔

مفتی کفایت اللہ: میں منسٹر صاحب کی توجہ دو امور کی طرف دلاتا ہوں جی۔ ایک تو جس طرح ڈاکٹر صاحب نے بھی کہا کہ پچیس کام ہیں اور چھ کاموں کے ٹینڈر ہوئے ہیں۔ دوسرا اگر آپ توجہ فرمائیں تو ہمیں ایک اشتہار پکڑایا ہے 'آزکار راولپنڈی' یہ دینی اخبار ہے جی، اس اخبار کی سرکولیشن یہاں نہ ہونے کے برابر ہے اور جب انہوں نے 'آزکار' میں اشتہار دیا ہے تو اس دن نہ 'ایکسپریس' میں، نہ 'آج' میں، نہ 'مشرق' میں اور نہ ایسے اخبار میں جس کی سرکولیشن ہمارے صوبے میں زیادہ ہوتی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

مفتی کفایت اللہ: کچھ نام میں نے لے لیے ہیں اور کچھ میں نہیں لے سکا، ان میں ان کا بالکل ذکر نہیں ہے۔ پھر ہمارے منسٹر صاحب آگے تشریف لے جائیں، 25.07.2007 کو انہوں نے ایک اشتہار دیا ہے روزنامہ 'ایکسپریس' کو اور جس دن یہ ایکسپریس کو دیا ہے، اس دن دیگر قومی اخبارات میں کوئی ذکر نہیں ہے۔ اگر آپ آگے تشریف لے جائیں تو روزنامہ 'مشرق' کو یہ اشتہار ملا ہے 18-06-2007 کو، جس دن 'مشرق' کو انہوں نے دیا ہے اور اس کیساتھ جو اخبارات ہیں، ان میں بالکل نہیں دیا ہے۔ روزنامہ 'آج پشاور' کو اشتہار مل رہا ہے 27-05-2007 کو اور اس کے جو Colleague اخبار والے ہیں، ان کو نہیں مل رہا ہے۔ ایسا ٹینڈر ہوتا ہی ہے جناب سپیکر، کہ کسی ڈمی اخبار کے اندر محکمہ والے ایک اشتہار دے دیتے ہیں اور لوگوں کو بے خبر رکھتے ہیں تاکہ اگر لوگ باخبر ہو جائیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی بس، خالی ضمنی کوئسچن، Only supplementary question۔

مفتی کفایت اللہ: اس میں کوئسچن یہی ہے جی، وہ جو ڈمی اخبار کو دیا جاتا ہے اسلئے کہ وہ اپنے من پسند۔۔۔

جناب سپیکر: یہ منسٹر Explain کرے گا، آپ نہیں کریں گے۔

مفتی کفایت اللہ: نہیں جی، میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ من پسند ٹھیکیداروں کو دیتے ہیں، ایسا کیوں ہوا جی؟ سوال یہ ہے۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحب، آپ نے Interesting سوال پوچھا ہے، سارے اس میں حصہ لے رہے ہیں۔ جی پرویز خٹک صاحب، منسٹر ایریگیشن۔

وزیر آبپاشی: جناب سپیکر، ډاکټر صاحب چه کوم د اشتهار خبره اوکړه او کفايت صاحب اوکړه نو زما په نظر باندے دا ډير سيريس خبره ده ځکه مونږ نه غواړو چه محکمے ته د بدنامی جوړه شي او داسے اشتهارونه د راشي چه هغے نه خلق بے خبره وي. نو که دا هاؤس غواړی نو دا د کميټۍ ته حواله کړی او مونږ به ئے پوره انکوائری اوکړو او هيڅ صورت باندے غلط کار ته زۀ نه يم تيار چه هغه غلط کار شوے وي، مونږ به انشاء الله پوره او ځکه دا زاړه راروان دی او چه کوم شاته ريکارډ دے، هغه به هم راواخلو چه کوم ځائے کښے چا ته مسئله وي، مونږه وايو چه اوپن ټينډر وي او چا ته د تکليف نه ملاويږی. مونږ پوره تعاون کوؤ تاسو سره. دويمه مسئله د Below ټينډر ده، زۀ پخپله کنسټرکشن سره تعلق لرم او محکمو سره داسے اختيار نشته دے چه يو ټينډر Below راشي او هغه په

هائی لیول باندے ورکړی نو که دا مونږ ته څه طریقه تاسو جوړه کړئ نو زهٔ به پخپله په دے سپورټ کښے یم چه په ښه ریټ باندے خلقو ته کار ملاؤ شی۔

جناب سپیکر: خو دا تاسو ټینډرے لیږئ، که انفارمیشن ډیپارټمنټ ئے لیږی؟

وزیر آبپاشی: نه، مونږ ه خو انفارمیشن ډیپارټمنټ ته استوؤ اشتهارونو د پاره۔

جناب سپیکر: دا اخبارونو ته هغوی بیا ورکوی؟

وزیر آبپاشی: دا Further ئے هغوی استوی، محکمه ډائریکټ پخپله اشتهارونو نه استوی۔ هغه ئے انفارمیشن ته استوی او انفارمیشن بیا-----

جناب سپیکر: ښه جی۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): زهٔ جی-----

جناب سپیکر: د دغے وضاحت به میاں صاحب اوکړی۔ میاں افتحار صاحب۔

وزیر اطلاعات: بالکل جی چه ډیپارټمنټ کوم اشتهار رالیږی نو انفارمیشن ډیپارټمنټ هغه ورکوی۔ دا ډیره ښه خبره ده چه تاسو دا سوال رااوچت کړو۔ ډیرے محکمے داسے دی چه هغوی دا رولز نه Follow کوی او هغوی ډائریکټ لیږی چه د هغے هیڅ Value نه وی۔ داسے هم پکښے وی چه هغوی بوګس نمبرے پکښے ورکوی۔ مونږه رښتیا خبره دا ده چه اول خو محکمه چه کوم رالیږی، هغه پوائنټ آؤټ کړی چه فلانکے فلانکے اخبار، ځکه چه کوم قامی یا غټ اخبارونه وی نو هغے ته خلق زیاته توجه ورکوی خو د انفارمیشن صرف دومره کار دے چه هغه راولیږی او زهٔ ئے اخبار له ورکړم، نور د هغے سره زمونږه هیڅ کار نشته، د ډیپارټمنټ کار دے چه هغه څنګه کوی، په کومه طریقه ئے کوی۔ زما خپله خیال دا دے چه ډیر Fair شوی دی او وزیر صاحب چه کوم جواب ورکړے دے، دا معقول دے۔ کمیټئ ته چه لاړ شی، د هغے که وروستو هم څه شوی وی چه ټوله پته اولګی چه په کوم ځائے کښے بے ایمانی شوے ده چه د هغے ازاله اوشی۔

جناب سپیکر: ټهیک شوه جی۔ Is it the desire of the House that Question No..77 asked by the Honorable Member, may be referred to the

concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee.

وزیرآبپاشی: جناب سپیکر، دا چه د کوم ټینډرو خبره ده، په دے باندے څه داسے یو بنه فیصله راشی چه دا Below مونږ ته ډیر پرابلم دے چه کوم ټینډر Below راشی نو هغے نه مونږه Extra، څنګه چه نګهت اورکزئی خبره اوکړه، 10% ایکسټرا کال ډیپازټ نور اخلو لیکن د هغه کار چه کوم پوزیشن دے، هغه کوم سټینډرډ دے، هغه په دغه ریټس کښے مونږ ته پته ده، نه کیږی نو که دے ته داسے یو سسټم جوړ شی چه کوم داسے کارونه وی چه هغه Below ځی چه هغه نه Accept کیږی ځکه که محکمے دا اوکړل نو سبا به وائی چه دوئ پیسے واغستے نو هیڅ څوک ئے نه شی کولے نو دے ته یو-----

جناب عبدالاکبر خان: دے د پاره آډټ شته کنه۔

جناب سپیکر: دا زمونږه ایریګیشن باندے کومه د هاؤس کمیټی ده؟

وزیرآبپاشی: دا د ټولو محکمو مسئله ده، صرف ایریګیشن نه۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، اس کیلئے آڈٹ کا طریقہ کار ہے نا۔

ایک آواز: دا سی اینډ ډبلیو هم دے جی۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور{سینیئر وزیر (بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی)}: سپیکر صاحب، څنګه چه خټک صاحب خبره اوکړله، دا یو ډیر، تقریباً 1990 کښے چه زهٔ منسټر وومه د پبلک ورکس اینډ سروسز نو هغے کښے مونږ کوشش کړے وو چه دا حکومت وائی چه یو شے په سل روپئ باندے جوړیږی، کنټریکټر راځی، یو وائی زهٔ په پنځوس جوړوم، بل وائی زهٔ په اتیا جوړوم، بل وائی زهٔ په نوے جوړوم او چه تهٔ نوے والا ته ورکړے نو دا اسی والا او پچاس والا وائی چه دا پیسے واغستے شوے او Stay order واخلی چه ما دا ریټ ورکړے وو او چه پچاس والا ته ورکړے نو هغه دوه ورځے کار اوکړی، په دریمه ورځ چه تهٔ ورته دوائے دا ستا

کار ولے بند دے ؟ وائی چه ما ته خو پیسے کمے دی نو هغوی ته چه کینسلوے ئے نو هغه بیا لاړ شی Stay order راوړی نو دے د پاره مونږ یو داسے لائحه عمل تیار کړے وو چه حکومت ریټ نه چه تیس پرسنټ هر څوک چه کم ورکوی، هغه به مونږ نه منو او هغه ته به مونږ نه ورکوؤ او چه کوم تیس پرسنټ کم پورے وی، هغوی ته به ورکوؤ نو دا مونږ یو هغه پراسس شروع کړے وو۔

جناب سپیکر: نو دا خو ښه ده، کوالټی به لږ Maintain اوساتی۔

سینیئر وزیر (بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی): او دے نه بغیر بیا نه شی کیدے جی، څنګه چه دوئ دا خبره اوکړه، دا هائیکورټ ته به ځی، سپریم کورټ ته به ځی۔ دا هیڅ څوک هم نه شی ایسارولے جی خو صرف دا هر یو ډیپارټمنټ ئے خپله کوی چه یره تیس پرسنټ نه Below وی نو بیا چا ته د نه ورکوی، هغه بیا ایګزیکټیو آرډرز باندے هم هغوی کولے شی جی۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، یہ ایک ٹیکنیکل بات ہے، مجھے اگر اجازت دیں۔

جناب سپیکر: جی، جی، لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، جو فرم ٹینڈر دیتی ہے، جو ڈیپارٹمنٹ ہے، جو Competent authority ہے، جو اسے Accept کرتا ہے، وہ اسے بٹھا کے Analysis کرائیں کہ اتنا اس میں سیمنٹ لگے گا، اتنا اس میں Brick لگے گا، اتنا یہ لگے گا، تم کیسے below 30% پر کر سکتے ہو؟ اگر وہ ثابت نہیں کر سکتا تو اس کا ٹینڈر کینسل کیا جائے۔ ایک آدمی پہلے سے ہی دھوکہ دہی کا ٹینڈر بھرتا ہے تو اس کو کیوں دیا جاتا ہے؟ Analysis کرائے ڈیپارٹمنٹ بٹھا کے اپنے سامنے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: لودھی صاحب، میرے خیال میں بہتر ہو گا کہ ورکس اینڈ سروسز، اریگیشن، لوکل گورنمنٹ اور جتنے بھی یہ Implementing ادارے ہیں، ان سب کی، جتنی بھی ہماری کمیٹیاں ہیں، ان سب کو بٹھا دیں۔۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: جی، جی۔

جناب سپیکر: اور آپ یہ جتنے بھی۔۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: ان کی Analysis کی جائے۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب آپ ہوگئے جو اس فیلڈ پر ذرا زیادہ عبور رکھتے ہیں۔ آپ ان کیساتھ بیٹھیں گے۔

حاجی قلندر خان لودھی: ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: ان کمیٹیز کے ہیڈز یعنی سب کی ایک جائنٹ میٹنگ اس پہ کریں گے۔

Thank you Ji. Again Dr. Zakirullah Khan Sahib, Question No. 85.

* 85۔ ڈاکٹر ذاکراللہ خان: کیا وزیر آبپاشی و توانائی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) آیا یہ درست ہے کہ حکومت بنجر زمینوں کو زیر کاشت لانے کیلئے موزوں جگہوں پر سال ڈیمز تعمیر کرتی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سانام ڈیم ضلع دیر پائیں فزیبلٹی کے لحاظ سے پہلے نمبر پر ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ علاقے کی بنجر زمینوں کو سیراب کروانے کا یہ واحد ذریعہ ہے؛

(د) اگر (ا) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ منصوبے پر عملدرآمد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): (ا) جی ہاں۔

(ب) تمام چھوٹے ڈیم جن کیلئے قابل عمل منصوبے تیار کئے گئے ہیں، اہمیت کے حامل ہیں جن میں سانام ڈیم بھی شامل ہے۔

(ج) جہاں کہیں چھوٹے ڈیم تعمیر کرنے کیلئے موزوں مقام موجود ہو، وہاں بنجر زمینوں کے سیرابی کیلئے یہ مناسب ذریعہ ہے۔

(د) سانام ڈیم بشمول کنڈل ڈیم ضلع صوابی اور پلئی ڈیم ضلع چارسدہ کی تعمیر کیلئے حکومت جاپان سے مالی امداد کی درخواست کی تھی، جن میں سے حکومت جاپان نے سانام ڈیم کا عندیہ دیا تھا اور ڈیم کی تعمیر کیلئے جاپانی مشیروں نے ڈیم سے مجوزہ سیراب ہونے والی زمین کیلئے زرعی ترقیاتی منصوبہ بندی بھی مکمل کی تھی۔ ڈیم کی تعمیر کیلئے مزید ابتدائی کام صوبہ سرحد میں امن وامان کے حوالے سے روک دیا گیا ہے۔ امن و امان کی صورتحال معمول پر آنے کے بعد حکومت جاپان منصوبے پر مزید کام کا آغاز کرے گی۔

Mr. Speaker: Any supplementary question?

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: جی سپلیمنٹری خو زما پکښے دا دے جی چه جز (د) جواب کښے دوئ مونږ ته وائی چه یره یو درے ډیمه وو، سانام ډیم، کنډل او یو پلئ ډیم، په

دیکښے د جاپان حکومت جی صرف د دے سانام ډیم د جوړولو عندیه ورکړے وه ځنګه چه د دوئ په جواب کښے ظاہره ده۔ لکه د دے ډیم فزیبلټی ډیره برابر ده او ډیر زیات یو زبردست ډیم دے او د علاقے خلقو ته ترے هم ډیره فائده رسی۔ زۀ دا سوچ کومه جی چه د امن و امان حالات په وجه باندے دوئ وائی چه یره جاپانیانو پرے کار رکاؤ کړے دے ، زمونږ خپل ګورنمنټ به جی مونږ ته ډیمونه نه جوړئ چه دومره فیزیبل ډیم دے نو دوئ پخپله باندے څه قدم د دے د پاره اوچت کړے دے جی؟

Mr. Speaker: Any Supplementary regarding this?

سردار اورنگزیب نلوٹھہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی نلوٹھہ صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھہ: محترم سپیکر صاحب، میرا اسی سے متعلق یہ سوال ہے کہ جس طرح حکومت پورے صوبے میں بنجر زمینوں کو آبپاشی پھیلانے کیلئے سمال ڈیمز بنا رہی ہیں، میرے حلقہ پی ایف۔47 میں رجوعیہ ڈیم کی فزیبلٹی رپورٹ 2003 میں بنائی گئی تھی، آیا وزیر صاحب یہ ارشاد فرمائیں گے کہ رجوعیہ ڈیم بھی بنجر زمینوں کو کاشت میں لانے کیلئے بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں یا نہیں رکھتے؟

جناب سپیکر: ابھی تو ان کے پاس وہ ڈیٹا نہیں ہو گا، اس کیلئے ایک اور کوسچن لے آئیں یا کسی اور موشن پہ آپ آجائیں تو آپ کو Exact جواب بھی مل جائے گا۔ Any other supplementary question?

جناب سکندر عرفان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی سکندر عرفان صاحب۔

جناب سکندر عرفان: سپیکر صاحب، شکریه۔ دا څنګه چه ډاکټر صاحب اووئیل، دا کنډل ډیم زمونږه صوابئ کښے دے ، د دے Feasibility هم جوړه شوے وه۔

جناب سپیکر: دا بل ډیم دے که هم دغه دے؟

جناب سکندر عرفان: نه، دا کنډل ډیم صوابئ کښے دے جی۔

جناب سپیکر: بیا خو په دے باندے بل کوئسچن راولیږه چه پراپر جواب ملاؤ شی۔

جناب سکندر عرفان: نه، مونږه دا وایو سپیکر صاحب، چه د هغے Feasibility هم جوړه شوے وه او هغه جاپانیان راغلی وو او په دے باندے کار هم هغوی تقریباً شروع کړے وو-----

جناب سپیکر: ښه بیا ټهیک دے ، ستا نوم شته پکښے۔ ښه جی۔

جناب سکندر عرفان: د هغے نه پس هغوی راغلی وو او Feasibility جوړه شوه، د هغے ټینډر تیار شو، هر څه اوشو خو د هغے نه پس یکدم په هغے کار بند شو او تر اوسه پورے د هغے پته اونه لګیده چه یره څه چل اوشو؟ نو که ایریګیشن ډیپارټمنټ د دے متعلق مونږ ته څه جواب راکړی۔

Mr. Speaker: Ji, any other supplementary? Ji Pervez Khattak Sahib, Minister Irrigation.

وزیر آبپاشی: جناب سپیکر صاحب، چونکه د لاء اینډ آرډر سچویشن د وجه نه جاپانیز خپل کار هلته بند کړے وو، اوس Latest position جی دا دے چه پی سی ون نوی سر نه دوباره جوړ شو او پی اینډ ډی ته مونږ استولے دے۔ دا تقریباً د 511 ملین پراجیکټ دے او پی اینډ ډی چه کله اپروول ورکړی نو Further بیا فیډرل ګورنمنټ ته د اپرووډ د پاره مونږه لیږو جی۔

Mr. Speaker: Ji again the……

جناب سکندر عرفان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی سکندر عرفان صاحب، ستاسو تسلی اونشوه؟

جناب سکندر عرفان: سپیکر صاحب، دا چه کوم دوئ اووئیل کنه، نو چه دا ئے د کنډل ډیم متعلق اووئیل، که د سانام ډیم متعلق ئے اووئیل، دا لږ غوندے د Explain کړی مونږ ته۔

جناب سپیکر: پرویز خټک صاحب۔

وزیر آبپاشی: دا دواړه ډیمز دی جی۔

جناب سپیکر: د دواړو ډیمونو دا خبره ده؟

وزیر آبپاشی: سانام ډیم دے ، کنډل ډیم صوابئ او پلئ، پلئ ډیم ضلع چارسده۔

جناب سپیکر: جی، جی۔

وزیر آبپاشی: دے دریوا ړو پی سی ون دے جی۔

Mr. Speaker: Thank you Ji. Dr. Zakirullah Khan Sahib, Question No. 93.

* 93۔ ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: کیا وزیر آبپاشی و توانائی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی و توانائی نے نہری نظام اور واٹر چینلز کو پختہ کرنے کیلئے مختلف اضلاع میں اربوں روپے خرچ کئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ باڈوان نہر، تحصیل ادینزئی، دیر پائیں پر گزشتہ تین سالوں سے کروڑوں روپے خرچ ہوئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو 2004 سے لیکر اب تک مذکورہ نہر پر کل کتنی رقم خرچ ہو چکی ہے، نیز ٹھیکیداروں کے نام، پتہ، ٹھیکہ کی نوعیت، شیڈول ریٹ سے (Above, below) اور جہاں جہاں پر کام ہوا ہے، اس کی نوعیت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(ج) باڈوان نہر، تحصیل ادینزئی، دیر پائیں پر لائننگ پروگرام کے تحت پچھلے تین سالوں کی تفصیل وضاحتی بیان کیساتھ دی گئی ہے کہ جناب ڈاکٹر ذاکر اللہ خان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی صوبہ سرحد نے اسمبلی میں سوال کیا ہے کہ آیا درست ہے کہ محکمہ آبپاشی و توانائی نے نہری نظام اور واٹر چینلز کو پختہ کرنے کیلئے مختلف اضلاع میں اربوں روپے خرچ کئے ہیں اور آیا یہ بھی درست ہے کہ باڈوان نہر، تحصیل ادینزئی، دیر پائین پر گزشتہ تین سالوں سے کروڑوں روپے خرچ ہوئے ہیں؟ تو اس سلسلے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ گزشتہ تین سالوں میں اس علاقے میں پانچ کام مکمل ہوئے ہیں جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

S.#	Name of Work	Name of Contractor	Contractor Premium	Expenditure	Remarks
1	Lining of Badwan Irr: Scheme RD 00-15000	Lutaf Ali Village Kamangara Dir (L)	At Par	Rs.6277565	Completed
2	Lining of Badwan Irr: Scheme RD 15000-18000	Sardar Hussain Village Badwan Dir (L)	At Par	Rs.1929128	Completed

3	**Lining of Badwan Irr: Scheme RD 8000-32000**	**Sardar Hussain Vill: Badwan Dir (L)**	**At Par**	**Rs.180156/-**	**Completed**
4	**Lining of Badwan Irr: Scheme RD 35000-42000**	**Khaliquz Zaman Village Badwan Dir (L)**	**At Par**	**Rs.6593848/-**	**Completed**
5	**Lining of Badwan Irr: Scheme RD 42000 Tail**	**Rehmat Shuaib Village Badwan Dir (L)**	**At Par**	**Rs.8509120/-**	**Completed**

Mr. Speaker: Any supplementary?

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: زما جی پہ دیکښے سپلیمنټری کوئسچن دا دے چہ پہ دے نہر باندے پہ درے کالو کښے تقریباً درے کروړہ روپئ لګیدلے دی او دا جی صرف پہ مرمت باندے لګیدلے دی نو زۂ منسټر صاحب نہ دا تپوس کوم چہ کہ دوئ پخپلہ باندے د دے Due visit اوکړو نو پہ یو کروړ روپو دا ټول نہر جوړیدے شی نو دا درے کروړہ روپئ پہ دیکښے پہ کوم ځائے باندے خرچ شوی دی جی؟ بالکل حیران یمہ جی دا پیسے بالکل ضائع شوے دی۔ پہ دیکښے منسټر صاحب تہ مے ریکویسټ دے چہ خپلہ دلچسپی د پکښں واخلی او پہ خپل طبیعت باندے د ډیپارټمنټل یوہ کمیټی ورتہ مقرر کړی چہ لړ غونتے یو وزټ ئے اوکړی بس۔

Mr. Speaker: Any other question, supplementary question regardig this question? any other. Ji Minister Irrigation, please.

وزیر آبپاشی: سپیکر صاحب، دا فنډ ریپیئر نہ دے جی، دا Mostly full lining دے، د یو End نہ بلہ پورے دوئ R.Ds ورکړی وی چہ دلتہ دلتہ دا لائننګ شوے دے خو کہ ذاکر اللہ صاحب نہ وی Satisfied، مونږ ھر وخت تیار یو چہ انکوائری یوہ کمیټی بہ مونږہ ډیپارټمنټل جوړہ کړو او ھغے کښے بہ دوئ راغواړو او دوئ بہ انشاء اللہ مونږہ Satisfy کړو۔ کہ غلط کار پکښے شوے وی، مونږہ بہ تپوس کوؤ جی۔

Mr. Speaker: Thank you Ji. Again Dr. Zakirullah Khan, Question No. 94.

* 94 ۔ ڈاکٹر ذاکراللہ خان: کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت، مرکزی حکومت کے تعاون سے محکمہ آبپاشی میں فلڈ ڈویژن کے ذریعے اربوں روپے خرچ کر رہی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو فلڈ ڈویژن ملاکنڈ چکدرہ نے دیر پائیں میں گزشتہ سال سے مرکزی، صوبائی اور NERP وغیرہ کے فنڈ سے تحصیل ادینزئی دیر پائیں میں جو مختلف مقامات پر حفاظتی بند تعمیر کئے ہیں، ان کی تعداد، حفاظتی پشتوں کی نوعیت، جگہ، تاریخ، ٹھیکیداروں کے نام، اخباری اشتہار اور شیڈول ریٹ سے Below یا Above کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز خرچ شدہ رقم کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

<u>جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی):</u> (الف) مرکزی حکومت کے تعاون سے فلڈ اینڈ ڈرینج ڈویژن چکدرہ کو سال 08-2007 کے دوران تیس ملین روپیہ فراہم کیا گیا ہے۔

(ب) فلڈ اینڈ ڈرینج ڈویژن چکدرہ نے گزشتہ سال کے دوران صوبائی اے ڈی پی اور مرکزی پی ایس ڈی پی کے تحت تحصیل ادینزئی ضلع دیر پائیں کے مختلف مقامات پر حفاظتی بند اور پشتے تعمیر کئے ہیں، جن کی تفصیل لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

<u>One Vocie:</u> Satisfied.

<u>ڈاکٹر ذاکر اللہ خان:</u> زۂ Satisfied یمه جی۔

<u>Mr. Speaker:</u> 94, Satisfied. Question No. 96, Ghulam Muhammad Sahib.

* 96 ۔<u>جناب غلام محمد:</u> کیا وزیر آبپاشی و توانائی ازراہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل مستوج اور تحصیل ملکو میں مندرجہ ذیل سکیموں کیلئے رقم مختص کی گئی ہے:

(i) خندان جو نالی سکیم 37.83 ملین روپے؛

(ii) تنزیج آن اتھک 429.071 ملین روپے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیموں پر اب تک جو رقم خرچ ہوئی ہے، اس کی روشنی میں ان سکیموں کی کامیابی کے امکانات نظر نہیں آ رہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت اس بات کی یقین دہانی کرا سکتی ہے کہ مذکورہ دونوں سکیمیں مقررہ وقت پر مکمل کی جائیں گی، نیز کامیاب بھی ہوں گی تاکہ ضلع چترال جو ایک پسماندہ علاقہ ہے اس سے مستفید ہو سکے؟

<u>جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی):</u> (الف) (i) جی ہاں۔

(ii) جی ہاں۔

(ب) اس سلسلے میں عرض ہے کہ خندان جونالی سکیم پر کام 02-2001 میں شروع ہوا تھا اور مئی 2007 میں مقامی لوگوں نے بوجہ نقصانات کام کو رکوا دیا تھا۔ 12 مئی 2008 کو دوبارہ پی سی ون منظور کیا گیا ہے جس میں معاوضے کی رقم شامل ہے جو ادا کر دی گئی ہے اور پھر اس سکیم پر دوبارہ کام شروع کر دیا ہے۔ انشاء اللہ جون 2009 کو یہ سکیم مکمل کر دی جائیگی۔

(ج) تریچ آن اتھک، اس منصوبے پر کام 07-2006 سے جاری ہے اور یہ منصوبہ بھی وقت معینہ، یعنی مالی سال 10-2009 تک مکمل کر دیا جائیگا۔

<u>Mr. Speaker:</u> Any supplementary question?

<u>جناب غلام محمد:</u> سر، اس سلسلے میں میری یہ درخواست ہے، منسٹر صاحب بھی تشریف رکھتے ہیں، بڑے Polite ہیں، بڑے اچھے جی، ہمارے ساتھ اچھے چل رہے ہیں جی، میری درخواست یہ ہے کہ انہوں نے جو جواب دیا ہے جی، اس جواب سے میں مطمئن نہیں ہوں۔ ایک سکیم جو انہوں نے 2001 میں شروع کی ہے، اس کی Amount بھی کوئی اتنی خاص نہیں تھی، کوئی 37 ملین تھی اور اب 2009 میں بھی یہ کہا جا رہا ہے کہ یہ ہوگا، ہوتا رہے گا، یہ تو پھر Delaying tactics والی بات ہے۔ دوسری بات یہ ہے جی، یہ فرما رہے ہیں کہ اس میں کچھ لوگوں نے رخنہ ڈالا ہوا تھا۔ اگر جنہوں نے رخنہ ڈالا ہوا تھا، وہ کوئی ایک ہزار فٹ کے اوپر ڈالا ہوا تھا، اب میں یہ چاہتا ہوں کہ اس کو کمیٹی کے سپرد کیا جائے تاکہ پتہ چلے کہ اس میں جس اہلکار نے بھی غفلت کی ہے، اس کو اس کے مطابق پھر سزا ہونی چاہیئے۔

<u>Mr. Speaker:</u> Any other supplementary question?

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جی جناب سپیکر صاحب، سپلیمنٹری ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی نگہت بی بی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، یہ خندان نالی جو ایک سکیم ہے، 37.83 ملین کی ہے اور تریچ آن اتھک جو 429.071 ملین کی ہے، پھر اس میں محکمہ یہ فرما رہا ہے کہ 2001 میں جو شروع ہوا

ہے اور ابھی تک وہ کہہ رہے ہیں، پہلے انہوں نے کہا ہے کہ 2008 میں یہ مکمل ہوگا، پھر اس کے بعد ابھی کہہ رہے ہیں کہ 2009 میں اس پہ کام جاری ہے اور 2009 میں بھی وہ یہ کہہ نہیں رہے ہیں کہ 2009 میں مکمل ہوگا۔ وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ 2009 میں مکمل ہو جائے گا تو سر، اس پہ اتنا زیادہ پیسہ صوبے کا، یعنی اس صوبے کے لوگوں کا، اس غریب عوام کا جو لگا ہوا ہے تو اس کیلئے ہم یہاں منسٹر صاحب سے یہ Surety چاہتے ہیں کہ محکمے سے یہ کنفرم کر لیا جائے کہ آیا یہ 2009 میں مکمل ہوگا یا نہیں یا یہ 2010 اور 2011 میں بھی جائے گا؟

Mr. Speaker: Ji, Ji, thank you. Any other supplementary question regarding this?

وزیر آبپاشی: جناب سپیکر صاحب، محکمه خو دوئ ته Assurance ورکوی چه مونږ به دا کار خلاصوو خو که دوئ نه وی Satisfied نو ما دوئ سره وختی هم خبره اوکړه مونږ به۔۔۔۔۔۔

آوازیں: Satisfied ہیں، نه نه، دواړه۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں ہم اس پر دونوں بات کر رہے ہیں اور دونوں ہی Satisfied نہیں ہیں جی۔

وزیر آبپاشی: دا ایشورنس ورکوم چه زهٔ به د هغه ځائے افسران ټول رااوغواړم، دوئ به ورسره کښینی او چه دوئ Satisfied نه شو نو بیا به کمیټئ ته حواله کړو، مونږ ته پرے اعتراض نشته۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، اس کو اگر پینڈنگ کر دیا جائے تو بہتر ہوگا۔

جناب غلام محمد: جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: Again Ghulam Muhammad Sahib.

وزیر آبپاشی: اگر ایک مسئلہ ہم حل کر سکتے ہیں تو کیوں کمیٹی میں جانا چاہتے ہیں، فائدہ کیا ہے؟

جناب غلام محمد: نہیں سر، اس وقت تک یہ پینڈنگ رکھیں۔

جناب سپیکر: ہاں؟

جناب غلام محمد: پینڈنگ رکھیں سر، اس وقت تک۔

جناب سپیکر: یہ ہر کوسچن کمیٹی کو جائے، آخر ڈیپارٹمنٹ پھر کیا کرے گا؟

جناب غلام محمد: نہیں سر، پہلے اگر میں Satisfy ہوتا ہوں تو ٹھیک ہے، ورنہ پھر۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، پھر پورا ڈیپارٹمنٹ آپ ادھر کیمٹیوں میں چلائیں گے؟ اتنا زیادہ بھی نہ کریں کیونکہ ابھی آپ کے اور دس کوئسچنز آرہے ہیں۔

جناب غلام محمد: جی سر، میرے دو کوئسچنز ابھی اور بھی ہیں۔

جناب سپیکر: ہر کوئسچن اس پر ڈالو گے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں سر، ہر کوئسچن کی بات نہیں ہے لیکن یہ بہت زیادہ رقم ہے تو اس وجہ سے------

جناب سپیکر: یہ منسٹر، Relaxed Minister ہیں، اسلئے منسٹر صاحب------

وزیر آبپاشی: سپیکر صاحب، دوئ ته د تاریخ نه ده پته چه کوم شے کمیټیا نو ته لاړو نو هغه نه کیږی؟ زهٔ ورته وایم چه زهٔ د رته کار کومه------

جناب سپیکر: بیا به دا ډیر اوږد شی۔

وزیر آبپاشی: زهٔ ورته Assurance ورکوم چه دا به کیږی۔

جناب غلام محمد: نہیں سر، اس میں ایک تو میں نے یہ خندان جونالی کی بات کی ہے------

جناب سپیکر: یہ کوئسچن نمبر دوسرا بتادیں۔

جناب غلام محمد: نہیں سر، یہ میرے اسی سوال کا دوسرا جز ہے، یہ دوسرا اتنزیج آن اٹھک کی ایریگیشن سکیم جو ہے، یہ کوئی بائیس کلو میٹر لمبی چینل ہے جی، اس سال تقریباً جولائی میں، میں نے اس کا سروے کیا، میں ادھر گیا لیکن وہاں کام کی جو رفتار ہے، وہ ابھی تک خالی ٹریک بنی ہوئی ہے، وہاں ورکنگ سیزن جو ہے، وہ صرف تین مہینے کا ہے، ابھی یہ فرمارہے ہیں کہ یہ 2010 میں کمپلیٹ ہو جائے گا جبکہ ان کے پاس ابھی تین مہینے 2009 میں ہیں، تین مہینے 2010 میں ہیں تو یہ چھ مہینوں میں ابھی تک ٹریک نہیں بنی، سٹرکچر کا اتنا کام ہے، اس میں ٹنل بھی بنی ہے، مجھے تو لگتا نہیں ہے کہ یہ کمپلیٹ بھی ہو پائے گا وقت مقررہ پر۔ دوسرا اس میں پیسے ابھی تک تقریباً 160 ملین روپے لگ چکے ہیں، کوئی 250 ملین روپے رہتے ہیں، ان پیسوں سے کمپلیٹ بھی نہیں ہوگا، میں بھی آپ کو اس اسمبلی فلور پہ یہی بتا رہا ہوں۔

جناب سپیکر: جی منسٹر ایریگیشن، پلیز۔

وزیر آبپاشی: سر، جیسے یہ خوش ہوتے ہیں، ہم تیار ہیں، ہم کرلیں گے، Satisfy کرلیں گے (قہقہے/تالیاں) لیکن بات اصل یہ ہے------

جناب سپیکر: تھینک یو جی اور میں تو یہ دیکھ رہا ہوں کہ 429 ملین ایک کو ہے، چترال کو تو سارے صوبے کا فنڈ جا رہا ہے، آپ پھر بھی خوش نہیں ہوتے؟

جناب غلام محمد: دیکھیں جی، میں بھی یہی دیکھتا ہوں کہ ان کے پاس ورکنگ سیزن اگر دو سال بھی چلے تو صرف چھ مہینے ہیں جی ان کے پاس۔

جناب سپیکر: غلام محمد صاحب، یہ چترال کو اتنا ایلو کیشن کب ہوا ہے؟ کس نے اتنی بڑی مہربانی کی ہے؟

جناب غلام محمد: یہ فیڈرل گورنمنٹ کے فنڈز ہیں جی، یہ اس صوبے کے نہیں ہیں------

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ فیڈرل گورنمنٹ کے فنڈز ہیں جی۔

جناب غلام محمد: جی یہ فیڈرل گورنمنٹ کے فنڈز ہیں۔

Mr. Speaker: Ji next Question, Question No. 101.

* 101 جناب غلام محمد: کیا وزیر آبپاشی و توانائی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) آیا یہ درست ہے کہ ضلع چترال میں غوچار کوہ آبپاشی سکیم کیلئے مبلغ 23.20 ملین روپے مختص کئے گئے تھے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ رقم خرچ ہو چکی ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیم مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے اور نہر میں پانی نہیں آ رہا جو کہ ضلع چترال کیساتھ سراسر ظلم اور زیادتی ہے، نیز جس سے غریب عوام کو کوئی فائدہ نہیں ہوا؛

(د) اگر (ا) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت متعلقہ اہلکاروں کیخلاف تادیبی کارروائی کرنے اور ان سے مذکورہ رقم واپس لینے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی و توانائی): (ا) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) نہیں۔

(ج،د) اس سلسلے میں عرض ہے کہ غوچار کوہ سکیم میں لائننگ اور Rehabilitation کا کام جاری ہے اور اس نہر کا آر ڈی نمبر دس ہزار تک لائننگ اور Rehabilitation کا کام مکمل ہو چکا ہے اور اس میں پانی جاری ہے اور باقی تمام کام جون 2009 تک مکمل ہو جائے گا۔ 2009 تک پانی ٹیل تک جاری ہو جائے گا۔

Mr. Speaker: Any supplementary question?

جناب غلام محمد: سر، اس سلسلے میں میری یہ درخواست ہے کہ اس میں ایک طرف سے انہوں نے مجھے جواب دیا ہے، یہ کہہ رہے ہیں کہ 1.20 ملین روپے اس کیلئے مختص، مختص نہیں تھے سر، یہ خرچ ہو چکے

ہیں، یہ میرے پاس کاپی پڑی ہوئی ہے لیکن ابھی تک اس چینل میں ایک گھونٹ پانی نہیں آ رہا ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اس کے اوپر باقاعدہ انکوائری ٹیم مقرر ہونی چاہیئے، یہاں سے لوگ چلے جائیں اور جو بھی اس میں ملوث ہو، چاہے جتنا بھی بااثر کیوں نہ ہو، اس کیخلاف کارروائی ہونی چاہیئے اور اس سے یہ پیسے Recover ہونے چاہئیں جی۔

جناب سپیکر: جی منسٹر اریگیشن، پلیز۔

وزیر آبپاشی: ویسے جی مجھے سمجھ کچھ نہیں آیا، کیا کہا ہے انہوں نے، (قہقہے) لیکن چترال کے بارے میں مجھے بہت زیادہ کمپلینٹس ہیں۔۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر آبپاشی: چترال کے بارے میں مجھے ہمیشہ ان لوگوں کی کمپلینٹس آتی ہیں، میں خود Worried ہوں کہ چترال میں خواہ مخواہ کچھ حالات ٹھیک نہیں ہیں اور جتنی سکیمیں ہیں، وہ صحیح طریقے سے نہیں ہوئی ہیں تو چترال کے سارے، Specially جو یہ کینالز ہیں، اگر کمیٹی میں اس پر بحث ہو جائے اور کوئی راستہ نکل آئے تو I will be more happier than him.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی۔

جناب غلام محمد: اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

جناب سپیکر: غلام محمد صاحب! وہ دوسرا کوئسچن آپ کا کیا ہے؟

جناب غلام محمد: سر، ابھی اس کوئسچن کا صحیح جواب نہیں ملا ہے نا۔

جناب سپیکر: ہاں؟

جناب غلام محمد: سر، اس کا مجھے جواب نہیں ملا ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: وہ کہہ رہے ہیں کمیٹی کے حوالے کر دیں نا۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب کو آپ کیساتھ بھیجتے ہیں چترال، ان کو آپ خود دکھا دیں۔

(قہقہے)

Mr. Ghulam Muhammad: Most welcome sir.

حاجی قلندر خان لودھی: سر، منسٹر صاحب خود بھی Commitment کر رہے ہیں، وہ مان رہے ہیں، ایڈمٹ کر رہے ہیں کہ ان کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے تو یہ 429 ملین بہت بڑی رقم ہوتی ہے اور وہ کہہ رہے ہیں کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ یہ Thrash out ہو جائے۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب۔

وزیر آبپاشی: چترال کے جتنے کوئسچنز ہیں، وہ کمیٹی کے حوالے کئے جائیں تاکہ یہ مطمئن ہوں۔

جناب سپیکر: چلو ٹھیک ہے۔

Mr. Ghulam Muhammad: Thank you very much, thank you very much.

Mr. Speaker: Ji Next Question No. 111.

* 111۔ جناب غلام محمد: کیا وزیر آبپاشی و توانائی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے ضلع چترال کی مندرجہ ذیل سکیموں کیلئے کروڑوں روپے مختص کئے ہیں؛

(1) لدوی ایریگیشن سکیم، تحصیل دروش ضلع چترال -/12.858 ملین روپے

(2) سینگور ایریگیشن سکیم، تحصیل و ضلع چترال -/11.853 ملین روپے

(3) اودیرا ایریگیشن سکیم، تحصیل ملکو ضلع چترال -/6.5 ملین روپے

کل رقم 31.211 ملین روپے

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیمیں ناکام ہو چکی ہیں اور جس مقصد کیلئے ان کو شروع کیا گیا تھا، وہ حاصل نہیں ہو سکا؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیمیں بنجر زمین کو سیراب کرنے کیلئے شروع کی گئی تھیں جو کہ ناکام ہو گئی ہیں؛

د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت متعلقہ اہلکاروں کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی توانائی): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) اس سلسلے میں عرض یہ ہے کہ ڈیراون کے پروگرام کے تحت ضلع چترال میں تین سکیموں پر کام شروع کیا گیا تھا، ان میں لاوی ایریگیشن سکیم، دون ایریگیشن سکیم، شنگور ایریگیشن سکیم شامل ہیں، ان پر

اگست 2003 میں کام شروع ہوا تھا۔ کام کے دوران ان سکیموں کے سروے میں کچھ تکنیکی فرق کی وجہ سے اگست 2004 میں ان سکیموں پر کام روک دیا گیا۔ بعد میں ان کاموں کے تکنیکی فرق کو ٹھیک کر دیا گیا، اس دوران ڈیزاون کا پروگرام بند کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں زمینی حقائق معلوم کرنے کیلئے سپیشل سروے ٹیم بھیجی گئی، جنہوں نے اوریجنل الاٹمنٹ میں کچھ تبدیلی تجویز کی۔ سپیشل سروے ٹیم کے سروے کے مطابق نہر کی لمبائی اور کچھ ضروری سٹرکچر، ہیڈریگولیٹر، ڈائی ورشن بند شامل کرنے کی وجہ سے اس کا پی سی ون Revise کرنا پڑا اور منظوری بھی ہو گئی ہے اور اب فنڈ کے وصول ہونے کے بعد تعمیری کام دوبارہ شروع کیا جائے گا۔

جناب سپیکر: غلام محمد صاحب، جلدی جلدی بتادیں، کوئسچن آور ختم ہو رہا ہے۔

جناب غلام محمد: اچھا سر۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: انہوں نے کہا کہ کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

جناب سپیکر: یہ سارے ہو گئے۔

جناب غلام محمد: سر، یہ کمیٹی کے حوالے کریں۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 111 بھی کمیٹی کے حوالے؟

جناب غلام محمد: جی، جی، 111 بھی کمیٹی کے حوالے۔۔۔

جناب سپیکر: ہو گیا، یہ بھی کر لیا۔ سید قلب حسن صاحب۔

جناب غلام محمد: ہاؤس سے تو رائے لے لیں نا، سر۔ ہاؤس سے رائے لے لیں نا، سر۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: سپیکر کی رولنگ آپ کو نظر نہیں آ رہی ہے؟

جناب غلام محمد: ہاؤس سے رائے لے لیں، سر۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): سپیکر صاحب، د دے ډیر اهمیت دے چه کمیټۍ ته لاړ ل، پکار د ه چه دوئ خو اوس مطمئن شی کنه۔

جناب سپیکر: بیا هم مطمئن کیږی نه۔

وزیر اطلاعات: کمیټئ کښے ډیر ډیتیل سره به خبره راشی۔

جناب سپیکر: هغوی اوس د سپیکر تیچنگ شروع کړو۔ (قہقہے) قلب حسن صاحب۔ مسٹر قلب حسن۔,Not present۔۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: سپیکر صاحب، اس کو Lapse نہ کریں، یہ تو بہت اہم سوال ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، انہوں نے کسی کو۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی ہیں نہیں Mover تو۔۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: مؤور نہیں ہیں لیکن بات تو کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، تو کسی نے کہا نہیں کہ میں Move کرتا ہوں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ پراپرٹی آف دی ہاؤس ہے۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر بتائیں، کیا ہے؟

مفتی کفایت اللہ: یہ کوئسچن نمبر ہے جی 118۔

سید قلب حسن: کیا وزیر آبپاشی و توانائی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہاٹ میں محکمہ آبپاشی کے ذیلی محکمے موجود ہیں؛

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ دو سالوں سے مذکورہ محکموں کی سالانہ ترقیاتی و غیر ترقیاتی اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): (الف) ہاں دفتر مہتمم کوہاٹ ایریگیشن ڈویژن، کوہاٹ موجود ہے۔

(ب) تفصیل وضاحتی بیان میں شامل کی گئی ہے، جو درج ذیل ہے:

محترم جناب سید قلب حسن صاحب، رکن صوبائی اسمبلی صوبہ سرحد نے محکمہ آبپاشی سے وضاحت طلب کی تھی کہ محکمہ آبپاشی کا ذیلی دفتر کوہاٹ میں موجود ہے اور اس دفتر کے زیر سایہ کتنے ترقیاتی و غیر ترقیاتی سکیموں پر سال 07-2006 اور 08-2007 میں خرچہ ہوا تو اس سلسلے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ کوہاٹ ایریگیشن ڈویژن نے گزشتہ دو سالوں میں جو خرچہ کیا، اس کی تفصیل ذیل ہے:

نمبر شمار	نام سکیم	خرچہ مالی سال 2006-07	خرچہ مالی سال 2007-08	میزان
1	اے ڈی پی	3500000/-	7176682/-	10676682/-

2	لائننگ پروگرام (پی ایس ڈی پی)	77583400/-	51534931/-	92112610/-
3	ریہیبلیٹیشن (پی ایس ڈی پی)	2993900/-	62173610/-	92112610/-
4	ڈیراٹو پروگرام	1100000/-	5535524/-	6635524/-
5	نرپ پروگرام	10100000/-	38488102/-	48588102/-
	میزان	122222400/-	164908849/-	287131249/-
6	تعمیر ومرمت (Non ADP)	7689418/-	8430098/-	16119516/-
	کل خرچہ	259823636/-	346677894/-	495701530/-

مزید تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary question regarding this?

مفتی کفایت اللہ: سپلیمنٹری یہ ہے جی کہ پوچھا گیا ہے سوال میں کہ ترقیاتی اخراجات اور غیر ترقیاتی اخراجات کی تفصیل فراہم کردیں، انہوں نے جی ترقیاتی اخراجات کی تفصیل تو فراہم کی، بہت شکریہ لیکن ہمارا جو Polite Minister ہے، اگر وہ، غیر ترقیاتی اخراجات کو کیوں چھپا رہا ہے ان کا محکمہ؟ یہ سمجھ نہیں آرہا۔

جناب سپیکر: جی منسٹر اریگیشن، پلیز۔

وزیر آبپاشی: جناب قلب حسن صاحب کا جو کوسچن ہے، یہ میں مانتا ہوں، مجھ سے Miss ہوگیا کہ غیر ترقیاتی اخراجات اس میں نہیں تھے تو میں ان کو Assurance باہر بھی دے چکا ہوں کہ کل صبح تک یہ ساری ڈیٹیل ان کو پہنچ جائے گی، یہ میں Miss کرگیا۔

Mr. Speaker: OK, thank you. Israrullah Khan Gandapur Sahib, Question No. 151.

* 151۔ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر آبپاشی وتوانائی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ میں رود کوہی نظام آبپاشی کے تحت 32 مختلف رود آبپاشی سے تقریباً 547000 ایکڑ زمین متعلقہ ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ گومل زام، درابن زام، چھودوان زام اور ٹانک زام پر مختلف ڈیم بن جانے کی صورت میں بھی زرعی زمین کا ایک وسیع رقبہ رود کوہی نظام سے منسلک رہے گا;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ نوے کی دہائی میں رود کوہی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے نام سے ایریگیشن میں ایک سب ڈویژن قائم تھا، جس نے ایک عرصے تک اس فیلڈ میں بہتری کیلئے اقدامات بھی کئے;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) کیا نیسپاک کی طرف سے تیار کی گئی 1990 کی فیزیبلٹی سٹڈی کی روشنی میں صوبائی حکومت خود یا مرکزی حکومت کے تعاون سے رود کوہی نظام کیلئے ایک مربوط طریقہ کار کے مطابق عملدرآمد کا ارادہ رکھتی ہے;

(ii) ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے سب ڈویژن کو بہتر اقدامات کے باوجود کیوں ختم کیا گیا، تفصیل بتائی جائے;

(iii) آیا نوے کی دہائی کی طرز پر موجودہ حکومت اس سلسلے میں مذکورہ سب ڈویژن کو بحال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ ایک وسیع رقبہ کو زیر کاشت لاکر صوبہ میں خوراک کی قلت پر قابو پایا جاسکے؟

<u>جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی):</u> (الف) جی ہاں درست ہے۔

(ب) مذکورہ ڈیم بننے کی صورت میں رود کوہی کے نظام سے منسلک ایک وسیع رقبہ ان ڈیموں کے زیر اثر آجائے گا جبکہ ایک قلیل رقبہ رود کوہی نظام سے منسلک رہے گا۔

(ج) سال 1992ء میں صوبائی حکومت نے رود کوہی نظام میں بہتری کیلئے ایک رود کوہی پراجیکٹ قائم کیا تھا چونکہ یہ پراجیکٹ ایک اے ڈی پی منصوبہ تھا، لہذا آٹھ سال گزرنے کے بعد سن 2000ء میں یہ منصوبہ ختم کیا گیا اور اس پراجیکٹ نے اس عرصہ کے دوران رود کوہی کے نظام کی بہتری میں اہم کردار ادا کیا۔

(د) (i) نیسپاک نے 94-1993 میں ایک فیزیبلٹی سٹڈی تیار کی، جس میں رود کوہی نظام کا کافی مطالعہ کیا گیا تھا۔ کنسلٹنٹس نے فیزیبلٹی سٹڈی کی روشنی میں 221.62 ملین روپے کی لاگت سے فلڈ مینجمنٹ سٹرکچر کیلئے ایک پی سی ون تیار کیا لیکن رود کوہی پراجیکٹ کے خاتمے کے بعد اس پی سی ون پر عملدرآمد نہ ہوسکا۔ محکمہ ہذا نے حال ہی میں صوبائی سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت ایک منصوبہ بنام "فیزیبلٹی سٹڈی برائے ایریگیشن منصوبہ جات صوبہ سرحد" تخمینہ لاگت 10.157 ملین روپے کیلئے ڈی ڈی ڈبلیو پی نے

اپنے اجلاس منعقدہ مورخہ 27 اگست 2008 کو منظور کروایا۔ اس منصوبہ کے ایک جز کے تحت رود کوہی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کا جائزہ لینے کیلئے فیزیبلٹی سٹڈی کی جائے گی جس میں مندرجہ ذیل امور سرانجام دیئے جائیں گے:

1۔ موجودہ حالات کی روشنی میں پچھلے مکمل کئے گئے مطالعات کی جانچ پڑتال اور جائزہ،

2۔ رود کوہی نظام کے تحت سیلابی پانی کے انتظام کیلئے تکنیکی، انتظامی اور احسن طریقے سے چلانے کیلئے تجاویز پیش کرنا،

3۔ پراجیکٹ کی تخمینہ لاگت کا اندازہ لگانا،

4۔ پراجیکٹ کیلئے پی سی ون تیار کرنا۔

(ii) چونکہ یہ پراجیکٹ ایک اے ڈی پی منصوبہ تھا، لہذا آٹھ سال گزرنے کے بعد 2000 میں یہ منصوبہ ختم کیا گیا اور اس پراجیکٹ نے اس عرصہ کے دوران رود کوہی کے نظام کی بہتری میں اہم کردار ادا کیا۔

(iii) محکمہ ہذا نے حال ہی میں صوبائی سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت ایک منصوبہ بنام "فیزیبلٹی سٹڈی برائے ایریگیشن منصوبہ جات صوبہ سرحد" لاگت 10.157 ملین روپے کیلئے ڈی ڈی ڈبلیو پی نے اپنے اجلاس منعقدہ مورخہ 27 اگست 2008 کو منظور کروایا۔ اس منصوبہ کے ایک جز کے تحت رود کوہی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کا جائزہ لینے کیلئے فیزیبلٹی سٹڈی کی جائے گی۔

Mr. Speaker: Ji supplementary question.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں جز (ب) کے جواب میں وہ کہتے ہیں کہ ایک قلیل رقبہ رود کوہی نظام سے منسلک رہے گا تو میں منسٹر صاحب کے اس Assertion سے بالکل اتفاق نہیں کرتا۔ گومل زام کا جی جو رقبہ آئے گا، ایک لاکھ ترسٹھ ہزار ایکڑ ہے۔ زام درابن، چھودوان اور ٹانک کے زمین کو بھی اگر آپ لے لیں سر، تو مل ملا کے کوئی ڈیڑھ لاکھ سے اوپر نہیں بنے گی اور یہ جو ساری زمین ہے، پانچ لاکھ سینتالیس ہزار ایکڑ ہے تو حکومت کو ویسے بھی Food crisis ہے، وہاں پہ ایک قدرت کی طرف سے نظام ہے، میں سر، ان میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کرونگا، سوال کے مختلف جزات میں وہ بارہا کہہ چکے ہیں کہ وہ جو پراجیکٹ تھا، اس نے بخوبی کام کیا اور سال 2000 میں اس کو ختم کر دیا گیا تو اگر یہ ہاؤس میں مجھے یہ Assurance دے دیں کہ اپنی طرف سے یہ دوبارہ اس پراجیکٹ کو Revive کرنے کیلئے فنانس، پی اینڈ ڈی کیساتھ اس کو Take up کرینگے اور جلد از جلد اس پر عمل کریں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جی منسٹر ایریگیشن۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: تاسو هم، جی کفایت الله صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: یہ جو پراجیکٹ جس کی بہت زیادہ انہوں نے، محکمے نے تعریف کی ہے، یہ 2000 کے بعد کی اے ڈی پی میں اس کو Reflect ہونا چاہیے تھا جی لیکن اس کو Reflect نہیں کیا گیا تو یہ محکمانہ غفلت ہے جی اور اب جو اسرار اللہ خان گنڈاپور کہہ رہے ہیں کہ دوبارہ اس کو تعمیر کیا جائے تو درمیان میں چودہ سال کا وقفہ ہے، یعنی چودہ سال میں اتنا ایک اہم اور بہت زیادہ مفید اور Useful پراجیکٹ کے بارے میں یہ محکمہ بالکل خاموش رہا اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایسا نہیں ہے کہ یہ بھول گئے ہیں۔

جناب سپیکر: کوئسچن اس پر کریں۔

مفتی کفایت اللہ: کوئسچن یہ ہے کہ چودہ سال تک محکمے نے کیوں خاموشی اختیار کی؟

جناب سپیکر: جی منسٹر اریگیشن، پلیز۔

وزیر آبپاشی: سپیکر صاحب، پینځه کاله دوئ روکاؤ کړے وو، شپږ میاشتے زما ټائم اوشو، نو زۀ ګنډاپور صاحب ته Assurance ورکوم چه دا مخکښے ډویژن وو نو مونږ به ډویژن لیول کښے د دے پروپوزل پی اینډ ډی ته واستوؤ او که سب ډویژن وو نو As a Sub Division به دا پروپوزل مونږه پی اینډ ډی ته استوؤ، انشاء الله اپرووِل به ئے راځی۔

Mr. Speaker: Thank you.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ، سر۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر خالد رضا پیر صاحب زکوڑی شریف، ڈاکٹر خالد رضا صاحب، کوئسچن نمبر 181 جی۔

* 181۔ ڈاکٹر محمد خالد رضا پیر زکوڑی شریف: کیا وزیر آبپاشی و توانائی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے جنوبی اضلاع کرک، بنوں، لکی مروت اور ایف آر بنوں کی آبپاشی کیلئے کرم تنگی ڈیم کی منظوری دی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ڈیم کی ابتدائی سروے کیلئے فنڈ مختص کیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ عوامی مفاد کے منصوبے میں تاخیر کی کیا وجوہات ہیں؛

(ii) آیا حکومت مذکورہ منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے مزید فنڈ مختص کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) حکومت اس اہم منصوبہ کو کب مکمل کرنے کا اارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ وفاقی حکومت نے جنوبی اضلاع کرک، بنوں، لکی مروت، ایف آر بنوں اور نارتھ وزیرستان ایجنسی کی آبپاشی کیلئے کرم تنگی ڈیم کی منظوری دی ہے۔

(ب) ہاں، یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ڈیم کی ابتدائی سروے اور تفصیلی ڈیزائن ہو چکا ہے، حالات بہتر ہوتے ہی کام شروع کرنے کی توقع ہے۔

(ج) (i) چونکہ ڈیم نارتھ وزیرستان ایجنسی میں واقع ہے، جہاں حالات کافی عرصہ سے کشیدہ ہیں۔ واپڈا نے منصوبے کی تعمیر کا ٹھیکہ ایف ڈبلیو او کو دیا تھا جو اب اس کی تعمیر سے پیچھے ہٹ گیا ہے اور معذوری ظاہر کی ہے۔ واپڈا اس مسئلے کے حل کیلئے تگ ودو کر رہی ہے۔

(ii) منصوبے کیلئے پی ایس ڈی پی 09-2008 میں پانچ سو ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں 8.038 ملین روپے وزارت پانی و بجلی نے ڈی سی او بنوں کے سپرد کئے ہے۔ یہ رقم برائے حصول زمین، پراجیکٹ تقسیم کنندہ گان مالک اراضی کیلئے مختص کر کے فنڈ جاری کر دیئے گئے ہیں۔ حالات کی بہتری کیساتھ ساتھ کام کی نوعیت کے مطابق مزید فنڈ فراہم کرنا وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے۔

(iii) حکومت اس منصوبے کو مکمل کرنے کی پوری کوشش کر رہی ہے لیکن مسئلہ موجودہ لاء اینڈ آرڈر کا ہے۔ اس کی تکمیل موجودہ ملکی خراب صورتحال پر منحصر ہے جبکہ محکمہ آبپاشی و بجلی ہمیشہ ہی سے اس منصوبہ پر عملدرآمد کے سلسلے میں وفاقی حکومت اور واپڈا سے مستقل رابطہ میں ہے۔ صوبائی حکومت سے جو بھی معاونت ہو سکے تو اس سلسلے میں کریگی۔

Mr. Speaker: Any supplementary question?

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: کوسچن یہ ہے کہ کرم تنگی ڈیم کو Implement نہیں کیا جا رہا جبکہ سب سے مشکل مرحلہ تو فنڈز کا ہوتا ہے، وہ بھی ایلوکیٹ ہو چکے ہیں اور تمام Formalities پوری ہو چکی ہیں تو پھر اس منصوبے کو التواء میں کیوں ڈالا جا رہا ہے اور اس کو عملی شکل کیوں نہیں مل رہی؟ جبکہ یہ ایک کثیر المقاصد منصوبہ ہے جو نہ صرف میرے حلقے کیلئے ہے بلکہ پورے صوبے کیلئے، ملک کیلئے اور پوری

دنیا کیلئے ہر لیول پر یہ مفید ہے۔ اس وقت پورے ملک میں بجلی کا بحران ہے، پوری دنیا میں Food crisis ہے۔

جناب سپیکر: یہ کرم تنگی ڈیم کے بارے میں کہہ رہے ہیں؟

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: میں کرم تنگی ڈیم کی بات کر رہا ہوں۔

جناب سپیکر: جی واقعی ضروری تو ہے۔ جی جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: یہ کوئسچن نمبر ہے جناب۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری کوئسچن جی، سپلیمنٹری کوئسچن۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے اس موضوع پر ٹائم مجھے دیا ہے۔ زکوڑی صاحب نے جو معاملہ، بات اٹھائی ہے، وہ یقیناً بہت اہمیت کی حامل ہے۔ میری ریکویسٹ یہ ہے کہ چونکہ اسی کے جواب میں کہا گیا ہے کہ یہ کام اس وقت تک پھر شروع نہیں ہو سکتا، وہاں لاء اینڈ آرڈر کا سیریس مسئلہ ہے اور یقیناً جو ہم کافی دنوں سے گفتگو کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری کوئسچن دے دیں، جی سپلیمنٹری۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر، میں اسی پر آ رہا ہوں۔

جناب سپیکر: نہیں، قصہ نہ بتائیں، سپلیمنٹری کوئسچن بتائیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے جواب میں کہا ہے کہ یہاں لاء اینڈ آرڈر کا سیریس مسئلہ ہے، اسلئے شروع نہیں ہو سکتا۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر یہاں شروع نہیں ہو سکتا، اگر زکوڑی صاحب کو بھی اعتراض نہ ہو تو ہمارے ہاں ہرنو جگہ ہے جناب سپیکر، جو نتھیا گلی اور ایبٹ آباد کے درمیان میں واقع ہے اور کئی دفعہ آپ وہاں سے گزرے ہونگے، اس کا سروے ہو چکا ہے، وہ ہمارے صوبے۔۔۔۔

جناب سپیکر: کیا نام بتایا؟

جناب محمد جاوید عباسی: ہرنو، ہرنو مشہور مقام ہے۔ کئی دفعہ ایبٹ آباد سے آپ گزرتے ہیں، نتھیا گلی کی طرف جا رہے ہوتے ہیں۔ اس کا سروے ہو چکا ہے، وہ جگہ ڈیم کیلئے بہت موزوں قرار دے دی گئی ہے چونکہ وہ بھی اسی صوبے کیساتھ تعلق رکھتی ہے، اگر یہ نہیں ہو سکتا تو فوراً ہرنو کے مقام پر شروع ہو

جائے۔ جناب سپیکر، اس میں تو سب سے Important بات میں آپ کے نالج میں لانا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، جی۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: مجھے اس بات سے۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: وہ یہ ہے کہ ایک دفعہ۔۔۔۔۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: مجھے عباسی صاحب کی بات سے کوئی اتفاق نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، ایک منٹ جناب۔۔۔۔۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: ہوتا یہ ہے کہ ایک دفعہ۔۔۔۔۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: میں اس بات پہ اکتفاء کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، بس ٹھیک ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: آپ کی Surprise کیلئے، یہ دو سال بعد بھی اس پہ کام شروع نہیں کرینگے، یہ کہیں گے کہ Revised project لائیں گے۔ یہ پیسہ ضائع ہو جائے گا۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ کی بات نوٹ ہو گئی، آپ کی بات نوٹ ہو گئی۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: اس پر انشاء اللہ کام شروع ہو گا، مگر اس کو سرد خانے سے نکالنے کیلئے میری چند ایک تجاویز ہیں۔

جناب سپیکر: یہ تجاویز بعد میں دینگے، صرف سپلیمنٹری کوئسچن بتائیں۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: یہی میرا کوئسچن ہے کہ مرکزی حکومت کو کہا جائے کہ وہ سیکیورٹی کو بڑھائے تاکہ وہاں کام شروع ہو۔ گورنر صاحب کو کہا جائے، پولیٹیکل ایڈمنسٹریشن کو کہا جائے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! یہ کوئسچن آپ سے Related ہے۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: اس کے علاوہ باقی جو صوبائی حکومت ہے، اس کو کہا جائے اس سلسلے میں اور جہاں تک۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کرم تنگی ڈیم، کرم تنگی ڈیم۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: مجھے بات تو کرنے دیں۔ جہاں تک پراجیکٹ ڈائریکٹر ہے وہاں کا اس ڈیم کا، وہ کہتا ہے کہ مجھے ساٹھ سیکیورٹی گارڈز کی ضرورت ہے توان کو کیوں نہیں اپوائنٹ کیا جارہا؟ اور ساٹھ سیکیورٹی گارڈزان کو کیوں نہیں مہیا کئے جارہے؟ اگر اس سے مسئلہ حل ہو سکتا ہے تو یہ ان کو مہیا کئے جائیں۔

جناب سپیکر: کتنے سیکیورٹی گارڈز؟

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: ساٹھ۔

جناب سپیکر: ساٹھ، اور کیا تجویز ہے۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: اور یہ ہے کہ اگر وہاں جو مقامی آبادی ہے، اس کوInvolveکیا جا سکتا ہے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: ان کیParticipationہو سکتی ہے۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: سپیکر صاحب!۔۔۔۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: اس سلسلے میںElected representativesمیں سے میں اپنے آپ کوVolunteerکرتا ہوں۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Very good, Very good.

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: مرکزی حکومت کے افسران، صوبائی حکومت کے افسران، پراجیکٹ ڈائریکٹر، واپڈا کا چیئرمین اور میں خود، ایک کمیٹی آپ تشکیل دیں کہ جو اپنی سفارشات پیش کرے کہ فوراً اُس پر کام شروع ہو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: انشاء اللہ، انشاء اللہ۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: اور اس کیImplementationہو اور عملی طور پر کام ہو۔

Mr. Speaker: Mufti Kifayatullah Sahib, supplementary question only.

مفتی کفایت اللہ: یہ جی پیر صاحب کا سوال ہے اور اس کا جو جواب دیا گیا ہے (ج) میں دو نمبر، میں محترم وزیر صاحب کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں، یہ دو نمبر، "آیا حکومت مذکورہ منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے مزید فنڈ مختص کرنے کا ارادہ رکھتی ہے"، اس کے جواب میں یہ بتا رہے ہیں کہ حالات ٹھیک نہیں ہیں اور

جیسے ہی حالات کی بہتری ہو گی تو مزید فنڈ فراہم ہو جائے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ تو ہر جگہ ہے، بجائے اس کے کہ ہم پیسہ ضائع کریں، جن اضلاع کے اندر لاء اینڈ آرڈر بہتر ہے، وہاں پر کام شروع کر دیا جائے، پیسہ بھی ضائع نہیں ہو گا اور صوبے کا فائدہ بھی ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب، یہ ساٹھ گارڈز چاہ رہے ہیں پیر صاحب کہ اگر ساٹھ سیکیورٹی گارڈز مل جائیں تو کام شروع ہو سکتا ہے۔ آیا ممکن ہے یہ بات؟

جناب بشیر احمد بلور {سینئیر وزیر (بلدیات انتخابات و دیہی ترقی)}: نہیں سپیکر صاحب، میں شکر گزار ہوں ڈاکٹر صاحب کا، یہ سچی بات ہے کہ ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کرم تنگی ایک اہم، مشہور ڈیم ہے۔

سینئیر وزیر (بلدیات انتخابات و دیہی ترقی): یہ انرجی کا پرابلم ہے سارے پاکستان میں، اگر یہ ڈیم بن جائے تو ایریگیشن کیلئے بھی کام آئے گا اور انڈسٹری بھی انشاء اللہ اس سے حاصل ہو گی اور اگر ایسی بات ہے تو پچاس ساٹھ گارڈز جو ہیں، وہ حکومت کیلئے کوئی پرابلم نہیں ہے، وہ ہم مہیا کرینگے اور ہم کوشش کرینگے کہ واپڈا والوں سے بھی بات کر کے وہاں پر کام جلد سے جلد شروع کیا جائے تاکہ ہمارے صوبے کیلئے ایک Important Project ہے، اس کو مکمل کیا جائے۔ مگر یہ ہے کہ پچاس ساٹھ گارڈز سے، وہ حالات آپ کو پتہ ہے آج کل کیسے حالات ہیں؟ ہم کوشش کرینگے کہ ہم ان کے یہ Satisfaction کے طور پر کوشش کرینگے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پیر صاحب بتا رہے ہیں کہ Volunteers ہم بھی Provide کرینگے۔

سینئیر وزیر (بلدیات انتخابات و دیہی ترقی): بالکل، بالکل ہم ضرور کرینگے انشاء اللہ۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیر زکوڑی شریف: حالات تو بلور صاحب، جو جنوبی وزیرستان کے حالات ہیں، کیا اسلام آباد میں وہی حالات نہیں ہیں، اسلام آباد کے حالات اس سے کم ہیں؟ مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم کام کرنا بند کر دیں۔ جو لوگ تخریبی کارروائیاں کر رہے ہیں، ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ اس حوالے سے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

سینئیر وزیر بلدیات انتخابات و دیہی ترقی: بالکل، یہ۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، پہلے تو یہ بتایا جائے کہ یہ کرم تنگی ڈیم جو ہے، وہ کہاں ہے، سیٹلڈ ایریا میں ہے یا علاقہ غیر میں ہے؟ یہ تو پہلے ہمیں، ہاؤس کو بھی پتہ چل جائے۔ اگر منسٹر صاحب اس کی وضاحت کر دیں تو مہربانی ہوگی۔

سینئیر وزیر (بلدیات انتخابات و دیہی ترقی): یہ آپ کو میرے خیال میں درانی صاحب نے کہا ہے کہ یہ بات کریں، میں دیکھ رہا تھا۔ (قہقے) ایسی کوئی بات نہیں ہے، اگر جہاں بھی ہے، انشاء اللہ ہم اس کیلئے مکمل گارڈز فراہم کرینگے جی۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، یہ سیدھی سی بات ہے، وہاں مشکل ہے لاء اینڈ آرڈر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، پیر صاحب اس کو ممکن بنارہے ہیں، ساٹھ بندوں کی ضرورت ہے۔

جناب عبدالستار خان: سپلیمنٹری کوسچن، سر۔ میرا سپلیمنٹری کوسچن ہے، سر۔

مفتی کفایت اللہ: میری اس میں ایک تجویز ہے، سیکیورٹی گارڈ جائیں گے۔۔۔۔۔

سینئیر وزیر (بلدیات انتخابات و دیہی ترقی): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب کا مائیک ذرا آن کریں تاکہ فائنل کر لیں۔

مفتی کفایت اللہ: نہیں جی، میں بشیر صاحب سے پہلے ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ سپیکر صاحب، میں ان سے پہلے ایک بات کروں، یہ بعد میں فائنل کر دیں۔

جناب سپیکر: جی۔

مفتی کفایت اللہ: میری تجویز یہ ہے کہ بشیر صاحب ساٹھ گارڈز بھیجیں یا پینسٹھ، مجھے اس سے غرض نہیں ہے لیکن یہ تجویز ضرور ہے کہ یہ خود ضرور ساتھ جائیں گے۔

(قہقے/تالیاں)

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

سینئیر وزیر (بلدیات انتخابات و دیہی ترقی): میں اللہ کے فضل سے، میں مفتی صاحب کی یہ بات منظور کرتا ہوں، جہاں جہاں کہتے ہیں، ان کیساتھ جانے کیلئے تیار ہوں۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے، ہم تو سارے پاکستان میں پھرتے ہیں۔ (تالیاں) میرے ساتھ چلیں، جہاں یہ کہتے ہیں، میں ان کیساتھ جانے کیلئے تیار ہوں۔

(شور)

مفتی کفایت اللہ: یہ کہتے تو ہیں اور۔۔۔۔۔۔

(قہقہے)

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: (قہقہہ) اچھا، اب کچھ معزز اراکین نے چھٹی کی درخواستیں بھیجی ہیں، ان معزز اراکین نے چھٹی آپ سے مانگی ہے: جناب زیاد اکرم خان درانی صاحب، 13 جنوری تا 15 جنوری، 2009، جناب ڈاکٹر اقبال فنا صاحب، ایم پی اے، 13 جنوری 2009، میاں نثار گل صاحب، وزیر جیل خانہ جات، 13 جنوری 2009، جناب احمد خان بہادر صاحب، ایم پی اے، 13 جنوری 2009 تا 15 جنوری 2009، جناب قیصر ولی خان صاحب، ایم پی اے، 13 جنوری 2009 یعنی آج کے دن کیلئے، Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted. Call Attention Notices.
Mr. Abdul Akbar Khan: Point of order.
Mr. Speaker: Ji Abdul Akbar Khan.

جناب عبدالاکبر خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ یہ کال اٹینشن نوٹسز کے حوالے سے جو رول E-52 ہے، اس کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ یہ "Restriction on raising matters.- Not more than two such matters shall be raised at the same sitting". جناب سپیکر، ایک تو یہ جو رول بنا تھا، اس وقت اس ہاؤس کی جو Strength تھی، وہ اسی، تراسی تھی، ابھی تعداد تقریباً 50% زیادہ ہو گئی ہے اور آنریبل ممبرز کے مسائل بھی زیادہ ہیں، بجائے اس کے کہ وہ پوائنٹ آف آرڈرز پر ان مسئلوں کو اٹھائیں اور منسٹر صاحب بغیر انفارمیشن کے ان کا جواب دیا کریں، میری تو تجویز ہو گی اس ہاؤس سے کہ چونکہ اس سے پہلے بھی جو Amendments تھیں، وہ آپ نے کمیٹی کے حوالے کی تھیں کمیٹی کے پاس ہیں وہ ساری Amendments کر رہی ہے، سارے جو رولز ہیں، وہ بنا رہی ہے، فی الحال میری تو تجویز یہ ہو گی۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ذرا اہم ایشو ہے جی، یہ سارے ممبرز بار بار بولتے ہیں تو اس کیلئے یہ ایک ریلیف نکال رہے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں تو سر، میری تو تجویز یہ ہوگی کہ یہ E-52 جو ہے، اس کو آپ اس سیشن کیلئے سسپنڈ کر لیں تاکہ آپ کے ہاتھ اوپن ہو جائیں اور آپ اگر پانچ یا چھ یا جتنے بھی Call Attention Notices per day لینا چاہیں تو آپ ان ممبرز کے جو ایشوز ہیں، وہ اس ہاؤس میں Raise ہونگے اور منسٹر صاحبان کے پاس بھی پہلے سے انفارمیشن ہوگی، وہ ان کے جواب تیار کر چکے ہونگے بجائے اس کے کہ وہ پوائنٹ آف آرڈر پر اٹھ کر اپنے علاقوں کے یا اپنے حلقوں کے مسائل بیان کریں تو میری تو اس ہاؤس سے درخواست ہوگی کہ اگر یہ E-52 کو Till the end of the Session suspend کر کے آپ کو مطلب ہے کہ اختیار دیا جائے کہ آپ جتنے بھی کال اٹینشن نوٹسز Accommodate کر سکتے ہیں Per day، وہ Accommodate کریں۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان، یہ Permanent نہیں ہو سکتا کہ آپ۔۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہ Permanent ہو گا لیکن اس میں پھر آپ Amendment لائیں گے۔

جناب سپیکر: وہ Amendment کے بغیر نہیں کر سکتے۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، وہ Amendment جب ہاؤس Approve کریگی تو پھر مطلب یہ ہے کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کال اٹینشن نوٹسز زیادہ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ زیادہ ممبرز کو موقع ملے۔

سینیئر وزیر (بلدیات انتخابات و دیہی ترقی): جناب سپیکر، یہ تین، چار سے زیادہ نہیں ہونے چاہئیں کہ سارا دن پھر اسی میں گزر جائے۔

آوازیں: پانچ، پانچ، چار۔

جناب عبدالاکبر خان: پانچ، پانچ۔

جناب سپیکر: پانچ کم ہونگے، دس۔

سینیئر وزیر (بلدیات انتخابات و دیہی ترقی): کال اٹینشن دس، دس تو آپ کمال کرتے ہیں (تالیاں / قہقہے) دس کال اٹینشن لیں تو آپ کا سارا دن کال اٹینشن پر ہی ختم ہو جائے گا۔ پابندی تو نہیں ہے، اس میں یہ ہے کہ پوائنٹ آف آرڈر پر بھی آپ بات کر سکتے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، نہیں، نہیں، دیکھیں جی وہ تو Amendments کی بات ہے، وہ تو بعد کی بات ہے۔ فی الحال جو ہے نا، اس وقت تو Amendment نہیں لائے ہیں، فی الحال کی میں بات کر رہا ہوں کہ چار پانچ کر لیں۔

جناب سپیکر: چلو جی Requirement پہ کہ جتنا Required ہو گا۔

سینئر وزیر (بلدیات انتخابات و دیہی ترقی): میری ریکویسٹ یہ ہے کہ جس طرح مؤور کہہ رہے ہیں، چار کال اٹینشن نوٹسز آ جائیں، ویسے پوائنٹ آف آرڈر پر تو بات ہمیشہ کرتے رہتے ہیں اور پابندی بھی نہیں ہے تو چار کال اٹینشن نوٹسز آ جانے پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں جناب سپیکر، چار تھوڑے ہیں اور آپ نے دس کہا ہے، آٹھ ہو جانے چاہئیں، آپ کی بات ہونی چاہیئے جی۔

(شور)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، یہ چار تو بہت کم ہیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، جتنی ہوں۔۔۔۔

(قطع کلامیاں / شور)

جناب محمد جاوید عباسی: ہاؤس سے گنتی کروالیں، دس ہونے چاہئیں، دس۔

سینئر وزیر (بلدیات انتخابات و دیہی ترقی): نہیں جناب سپیکر،۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب عبدالاکبر خان: فی الحال سسپنڈ کرتے ہیں جی۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں سارے۔

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبر خان: آپ Amendment نہیں کر سکتے اس وقت لیکن سسپنڈ کر کے جو اجلاس کے آخر تک اس میں آپ چار لیتے ہیں، پانچ لیتے ہیں، چھ لیتے ہیں، جتنے بھی آپ لیں گے، جتنا وقفہ ہو گا، جتنا وقت ہو گا۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

<u>جناب سپیکر:</u> ٹھیک، ٹھیک، ٹھیک۔ یہ میں اس طرح پڑھتا ہوں آپ ذرا سن لیں جی۔

The motion before the House is that, rule 52-E may be suspended for the current Session to allow the Chair to take as many as possible the 'Call Attention Notices' for each sitting. Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it, the rule is suspended.

(Applauses)

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you.

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف):</u> جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی اکرم خان درانی صاحب۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

<u>قائد حزب اختلاف:</u> جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیره مننه۔ سپیکر صاحب، مونږ یو تحریک التواء هم جمع کړے ده خو چونکه چه هغه راځی نو هغه به تائم اخلی او موجوده په دے حکومت کښے جی اغواء برائے تاوان دومره زیات شوے دے جی چه روزانه په هره یوه ضلع کښے تقریباً د دس نه اونیسه تر بیس پورے داغواء کیسونه راځی۔ تاسو به اخبار هم ګورئ او ستاسو خپله هم رابطه ده او زمونږ خصوصاً په بنوں کښے جی په سات دن کښے شه باره اغواء کیسز مخکښنی هم پراته دی، د درے میاشتو سرے هم پروت دے، د څلورو هم شته دے، د شپږو میاشتو هم شته، د کال هم شته خو په دے سات دن کښے باره اغواء صرف په ډسټرکټ بنوں کښے شوی دی۔ نو زما به تاسو ته یو سپیشل ګزارش وی چه دا تحریک التواء تاسو راوړئ جی او بیا به ټول هاؤس ته، هرے ضلع ته موقع ملاؤ شی او د هر یو ضلع ممبرز چه دی دلته، هغوی به په هغے باندے خبره اوکړی او که چرته مونږ دے ته توجه اونکړه جی نو دلته چه زمونږ څومره ډیویلپمنټل خبرے کوؤ یا نورے خبرے کوؤ، دا به جی شا ته پاتے شی او حالات دے ځائے ته راغلی دی چه نه کارخانه دار کارخانے ته تلے شی، نه تاجر دکان ته تلے شی او ډیر یو عجیبه غوندے حال جوړ شوے دے۔ نو که چرته په دے

باندے بحث اوشی، په دے هاؤس کښے نو یو طریقه کار به رااوځی، گورنمنټ ته به څه Suggestions ورشی او گورنمنټ به په هغے باندے عمل اوکړی، نو لږ به د خلقو دلته هغه سا اوچلیږی حالانکه جی هر شے Collapse شوے دے او دے ځائے ته به حالات راشی چه څوک به د خپل کور نه وتے نه شی او نقل مکانی شروع شوے ده د صوبے نه پنجاب ته او خصوصاً اوس انډسټریز هم، لکه رسالپور کښے جی هغه خبره راغلے ده چه هلته اکنامک زون وو، نو هغه اوس پنجاب ته شفټ کوی نو که چرته دا حال جوړ شی نو زمونږ دا صوبه به بالکل Collapse شی او دلته به ډیر تکلیف وی۔ زما به گورنمنټ ته هم گزارش وی ستاسو په وساطت باندے چه دوئ که زما د Suggestion سره Agree شی، زما هغه تحریک التواء به لږ وخت اخلی خو که ستاسو مهربانی او هدایات وی او دوئ Agree وی نو لږ زر به راشی او پوره هاؤس به په هغے خبره اوکړی۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> بشیر بلور صاحب۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی):</u> سپیکر صاحب، څنگه چه زمونږ (سابقه) چیف منسټر صاحب خبره اوکړه، داسے چل دے جی چه په لاء اینډ آرډر باندے خو تقریباً پینځه ورځے اوشوے چه مونږ بحث هم کړے دے، دوئ هم تقریر کړے دے، مونږ هم هغه جواب ورکړے دے، نو بیا دا خو د لاء اینډ آرډر یو مسئله ده، په هغے باندے مونږ ټول متفق یو چه حالات ښه نه دی۔ مونږ خو چرته نه دی وئیلی چه حالات ډیر ښه دی۔ د ملک حالات او خاصکر زمونږ د صوبے حالات هغه شانتے ښه نه دی چه څنگه پکار دی۔ هغے د پاره مونږ کوشش کوؤ۔ ما خو تاسو ته هغه ورځ تقریباً نیمه گهنټه پوره ډیټیل سره خبرے هم اوکړے، هغه Facts and figures مو اوښودل۔ مونږه خپل کوشش کوؤ جی خو بیا هغه خبره وروستو ته ځی، نو زهٔ وایم چه Already مونږ په دے باندے بحث کړے دے او په دے پینځه ورځے بحث شوے دے او هر یو کس خپله خبره کړے ده، نو بار بار یو خبره کول او نور هم که ستاسو دغه نشته نو مونږ ته اعتراض نشته، کوی دے، بحث د کوی، مونږ به هم جواب ورکوؤ۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: جناب سپیکر، دیکښے بشیر خان ډیره ښه خبره اوکړه۔ بالکل په لاء اینډ آرډر باندے بحث شوے دے خو جی دا Specific matter دے، په دے باندے مونږه دا غواړو چه Specifically دا کوم چه اغواء برائے تاوان دے چه یو ډیر اهم مسئله جوړه شوے ده، پیښور کښے هم کیږی، چارسده کښے، بنوں کښے، هر ځائے دغه کیږی نو چه صرف Specifically په دے باندے Focused discussion اوشی، زما خیال دے د هغے به یو ښه نتیجه راووځی۔ لاء اینډ آرډر باندے چه کوم پینځه ورځے بحث شوے وو، هغه خو جنرل ټولو حالاتو باندے شوے وو او دا Specific matter دے۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، زهٔ یوه خبره کوم په دے خصوصی Matter باندے، انشاء الله درانی صاحب چه کومه خبره اوکړله۔۔۔۔

سینئر وزیر (بلدیات انتخابات ودیہی ترقی): جناب سپیکر، دے سلسله کښے که چرے ښه تجویز راکولے شی، مونږ به په دے باندے عمل کوؤ۔ مونږ ته خو څه اعتراض نشته، مونږ خو غواړو چه مونږ دا ټول هاؤس ځان سره واخلو او دا مسائل حل کړو۔ مونږ ته خو اعتراض نشته، بے شکه د اوکړی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، دا لکه درانی صاحب چه کومه خبره اوکړه، دا لکه هر یو ډسټرکټ والا، هر یو ایم پی اے به خپله خبره اوکړی په دے اغواء برائے تاوان باندے، دا خو یو عام، جنرل ډسکشن شوے وو سر، نو ډسټرکټ وائز به شی، نو ډسټرکټ وائز به تقریباً صحیح Suggestion ورکړی دے گورنمنټ ته، سر۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سپیکر صاحب، اجازت دے جی؟ پوائنټ آف آرډر، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: اصل کښے دے باندے لږ راوباسئ تاسو 71(c), "The motion shall not revive discussion on a matter which has been discussed in the same session". رول 71(c) لږ اوگورئ، The motion shall not revive discussion on a matter which has been discussed in the same session، دا۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر۔
جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان۔
جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، (c)71 آپ نے صحیح Quote کیا، دوسری جناب سپیکر، اس ہاؤس میں ہم ہمیشہ چھوٹی چھوٹی چیزوں کیلئے رولز سسپنڈ کرتے ہیں تو (c)71 اگر آپ سسپنڈ کر لیں تو اس کو Allow کر لیں گے۔
جناب سپیکر: نہیں، وہ میں کرونگا، بالکل آپ کی بات صحیح ہے، کر لیں گے لیکن اس وقت لیجسلیشن کا چھوٹا موٹا کام رہ رہا ہے، اس کے بعد پھر دیکھیں گے۔
جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔
جناب سپیکر: جی ثاقب خان چمکنی صاحب۔
جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی۔ سر، د لاء اینډ آرډر سره متعلق یوه خبره ده جی او زما په خیال کښے دا زمونږ Urgent توجه غواړی جی۔
جناب سپیکر: په دے باندے بیا وروستو ټائم درکوم۔
جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر، دا یوه خبره واورئ، دا ډیره Urgent ده جی۔ هغه بله ورځنی اخبار کښے جی رحیم الله صاحب یو آرټیکل لیکلے وو، په هغے کښے افضل خان لالا یو ریکویسټ کړے وو حکومت ته او ګورنر صاحب ته چه مونږ ته د اسلحه راکړی او بیا سر نننے اخبار که تاسو اوګورئ، نود ایلیټ فورس چه کوم دی، هغه خپل ډیوټیانو ته تلو د پاره هغوی انکار کړے دے جی چه ترڅو پورے د حکومت خبره ده نو هغوی خپل طرف نه دا کړی دی چه فورس ئے هم جوړ کړے دے، هغوی د پاره ټریننګ ئے هم کړے دے، هر څه ئے کړی دی خو اوس د ازمری زړه به ورته څوک ورکوی، سر؟ نو ضروری ده چه د افضل خان لالا، چه زمونږه د پښتنو مشر دے، زمونږ د صوبے مشر دے، په دے خواست باندے اوس عمل اوشی او هغه کوم کسان چه دی، د افضل خان لالا رشته داران، د هغه کلی وال چه هغه هلته ناست دی او خپله دفاع کوی، د دے خاورے دفاع کوی چه د هغوی مونږ د اسلحے بندوبست اوکړو۔ دا حکومت د اسلحے بندوبست اوکړی چه هغوی ته ئے مونږ عام کړو، سر۔ دا د هغوی د مرګ ژوند خبره ده او هره ورځ، هر یو سیکنډ ډیر ضروری دے نو ځکه زۀ غواړمه چه ستاسو توسط سره دا

اپیل مونږ ټول ملګری ګورنر صاحب ته هم اوکړو، فیډرل ګورنمنټ ته او خپل هم چه څنګه کیدے شی چه د هغوی امداد اوکړو، ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب، گورنمنٹ کی طرف سے Oppose یا کیا جی، Favour کر رہے ہیں؟

سینیئر وزیر (بلدیات ودیہی ترقی): سپیکر صاحب، ثاقب خان چه کومه خبره اوکړه؟

جناب سپیکر: او جی، هم دغه سوات والا چه افضل خان لالا سوال کړے دے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): بنه جی، زهٔ عرض کوم چه ثاقب خان کومه خبره اوکړه، دے باندے جی مونږ خبره هم کړے ده او افضل خان لالا ته مونږ خپل څه داسے هغه مو ورکړی هم دی Safeguard د پاره خلق خو هغه کم دی او نن به انشاء الله سی۔ایم سره خبره کوؤ او ګورنر صاحب سره به هم خبره کوؤ چه د هغوی مکمل تحفظ اوکړے شی۔

جناب سپیکر: ټهیک شوه جی، تهینک یو جی۔ Item No. 7, Call Attention Notices. Major (Retd) Basir Ahmad Khattak, MPA, to please move his Call Attention Notice No. 121. Basir Ahmad Khattak Sahib.

میجر ریٹائرڈ بصیر احمد خٹک: ډیره مهربانی سر، ډیره ډیره شکریه۔ سر، زهٔ ستاسو په توسط د خپل د صوبے د حکومت توجه غواړمه۔ "میں حکومت کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ ضلع نوشہرہ میں آرمی رینج کیلئے بغیر کسی قانون کے لوگوں کی زمینوں کو حاصل کیا جارہا ہے اور اس مقصد کے حصول کیلئے سیکشن فور ہوا ہے، اس میں تیس ہزار کنال زرعی زمین مانکی شریف، مہاراجی، حیسرے اور بہادر خیل گاؤں بھی شامل ہے۔ عوام میں بے چینی پائی جاتی ہے، اسلئے حکومت یہ کارروائی فوری طور پر بند کرے اور اگر کوئی کارروائی ہوئی ہو تو اس کو واپس لے لیا جائے چونکہ اس سے پہلے بھی آرمی رینج کیلئے تقریباً پچاس ہزار جریب سے زائد زمین حاصل کی جاچکی ہے"۔

سر، دلته کښے چه دا کومه زمکه د آرمی رینج د پاره حکومت اخلی او د کومے د پاره ئے چه سیکشن فور لګولے دے، هغه ټول ایګریکلچر لینډ دے او اکثر زمکه باندے د مالټو باغونه دی۔ هم دغسے د دے خلقو د مخکښے نه چه کومه ملکیتی زمکه وه، هغه Already د دوئ نه Acquire شوے ده، هغه اغستلے شوے ده، که اوس هم چرے دغه زمکه د دوئ نه واخلی نو دغه خلق به ټول بیا مجبوراً د دغه ځائے نه بے دخله کیږی، کوم چه هغه بالکل Unbearable

ده۔ زۂ ستاسو په توسط د خپلے صوبے حکومت ته دا خواست کوم چه که په دے حقله څه کارروائی شوے وی یا څه کارروائی پلان شوے وی، هغه د فوری طور بند کړے شی او په دے باندے د داسے رولنگ ورکړے شی چه په آئنده ژوند کښے بیا د پاره هم څه داسے حرکت او نه شی۔ ډیره ډیره شکریه، ډیره ډیره مهربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریه۔ پرویز خان خټک صاحب، دا کوم یو ځائے بنائی دوئ، تاسو پرے څه وئیل غواړئ؟

<u>جناب پرویز خټک (وزیر آبپاشی):</u> مانکی، جناب سپیکر صاحب، چونکه زما کلے هم په دیکښے راځی او زما د ټولے صوبائی حلقے مسئله ده نو دا د نن نه نه، د انګریزانو ټائم نه زمونږه تقریباً شپیته زره جریبه زمکه آرمی Acquire کړے وه او مونږ ته به پینځه پیسے د کال په حساب باندے رینټ راکولو او اتیا کالو کښے مونږ ته هیڅ ملاؤ نه شول۔ بیا Last پینځه کاله مخکښے هغه 52000 جریب زمکه آرمی Acquire کړه او زما خیال دے چه دو سو، تین سو روپے کنال په حساب باندے هغه زمونږ نه لاړه چه هغه ډیره ښه زمکه وه او ټوله د نوشهره کینټ سره Touch وه۔ اوس دوباره میاشت مخکښے یو بل سیکشن فور صوبائی حکومت کړے دے، پکار خو دا ده چه اول ئے معلومات کړے وے چه آیا دا زمکه څنګه ده، په دیکښے د سیکشن فور کولو ضرورت دے او که نه دے؟ خو یکطرفه سیکشن فور اوشو او اوس بیا زمونږ نه هغوی تیس هزار کنال زمکه اخلی۔ په هغے کښے-----

<u>جناب سپیکر:</u> دا زرعی زمکه ده، Fertile زمکه ده، که زیر کاشت ده؟

<u>وزیر آبپاشی:</u> جی زۂ تاسو ته ډیټیل درکوم۔ دیکښے زرعی زمکه ده جی او د خلقو Smallholdings، بل هلته کښے د آبادئ د پاره چه کومه زمکه ده، هغه ئے هم پکښے اغستے ده چه کوم هلته کښے مراجے کلے دے، د هغے تاؤ راتاؤ زما خیال دے فوجیان بیا Barbed wire اولګوی، نو هغوی به د کورونو نه هم نه شی راوتے، نو هغه د آبادی د پاره ورته زمکه نه پریږدی او ورسره چه کومه زرعی زمکه ده، په هغے باندے نن د مالټے باغونه، د نیمبوانو باغونه، په هغے باندے

آلوچے ، په هغے باندے هر قسم د Citrus foods بهترین ایریا ده په صوبه سرحد کښې۔ د دے نه ښه مالټا یو خو عبدالاکبر سره ده په مقابله کښے او یوه مونږ سره ده په دے ټوله صوبه کښے۔۔۔۔

جناب سپیکر: د مانکی مالټے خو ډیرے مشهورے دی خو تا چرے په چا او نه خورولے جی، دا هم د هغه ځائے نه روانے دی۔

وزیر آبپاشی: نه دے ځل خو په ټولو، نو په هغے کښے دا ټول باغونه دی۔ بل د هغے نه پس دا سیکشن فور چه اوشو نو د علاقے چه څومره ملکان دی، د کلی خلق دی، هغوی۔۔۔۔

جناب سپیکر: ریونیو منسٹر صاحب کہاں ہیں؟ان کو ذرا بلائیں جی۔ ٹھیک ہے۔

وزیر آبپاشی: بیٹھے ہیں جی۔ نو بیا اعتراضات په هغوی اوشول، ایس ایم بی آر ته مونږه لاړو، ایس ایم بی آر پرے لیکل کړی دی چه دا ایګریکلچر لینډ دے، دا د کینسل شی۔ هغه رپورټ ډی او آر ته لاړو۔ ډی او آر پرے خپل رپورټ راستولے دے چه دا ایګریکلچر لینډ دے، Small with holding دی، دا د کینسل شی خو مونږ ته اوس چل نه راځی چه دا کینسل کوی به څوک؟ نو زهٔ دے منسټر صاحب ته ریکویسټ کومه چه دا د کینسل کړی ځکه چه دا ډیر زیاتے دے چه زمونږه نه دا زمکے دوئ اخلی۔

Mr. Speaker: Minister Revenue, please.

وزیر آبپاشی: یو بل جی۔

جناب سپیکر: جی، جی۔

وزیر آبپاشی: دے زمکو د پاره د یو سمال ډیم هم Feasibility report جوړ شوے دے، د هغے پروپوزل تیار دے او ډیر Feasible دے نو که سبا ډیم جوړ شی او زمکه نه وی نو بیا به هغه هم ضائع ځی۔

جناب سپیکر: جی منسٹر ریونیو پلیز، یہ جو بتا رہے ہیں، یہ کیا معاملہ ہے جی؟

الحاج حبیب الرحمان تنولی (وزیر مال واملاک): جناب سپیکر، جو یہ ایشو سامنے آیا ہے، واقعی بڑی تشویش ہے اس پر لوگوں کو۔۔۔۔

جناب سپیکر: ذرا تیز بولنا ہوگا جی، سمجھ نہیں آرہی ہے۔

وزیر مال واملاک: آ رہی ہیں جی کافی درخواستیں، اس میں جو Objections آئی ہیں، ان پر غور ہوا ہے اور ڈی او آر کو لکھا گیا ہے کہ اس زمین کو، زرعی زمین ہے، نہ لیں اور میں پوری کوشش کرتا ہوں اور آپ کی مدد سے، آپ بھائیوں کی مدد سے کیونکہ یہ زمین جو پہلے بھی پچاس ہزار جریب انہوں نے وہاں پر لی ہوئی ہے تو یہ زمین نہ لیں اور ہم اس کو انشاء اللہ تعالیٰ صحیح طریقے سے کرائیں گے۔

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔ جناب سپیکر، جس طرح منسٹر صاحب نے خود اس کو بیان کیا اور آنریبل ممبر نے موو کیا، اب منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ وہ ڈی او آر کر رہے ہیں اور ہم کوشش کر رہے ہیں، یہ ڈی او آر کونسی بلا، ہے کہ پراونشل گورنمنٹ کہتی ہے کہ مت کرو اور ڈی او آر کہے گا کہ کرو؟ میں تو کہتا ہوں کہ Straightaway جی آرڈر کریں، کینسل کر دیں، یہ کیا بات ہوئی؟ یہ ڈی او آر کون ہوتا ہے؟

وزیر مال واملاک: یہ تو آپ رولنگ دے دیں، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان! ابھی انہوں نے ڈی او آر کو کمشنر بنا دیا ہے نا، اسلئے یہ ان کے قابو نہیں آ رہا ہے جی، یہ تو آپ کے نیچے نہیں آ رہا ہے۔

وزیر مال واملاک: یہ De-notify کریں گے۔

جناب عبدالاکبر خان: آج ہی آپ یہ وعدہ کریں اس ہاؤس میں کہ کل یہ De notify کریں گے۔

وزیر مال واملاک: گزارش یہ ہے کہ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ اس کو De notify کریں گے۔ میں اس اسمبلی میں، فوری کریں گے۔

جناب سپیکر: کریگا، فوری کریگا، تھینک یو جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: بیا دے پکبنے، ثاقب خان بیا څه پیښنه شوه؟

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: هم دغسے سر، داسے د مانکی شریف زمکه واحد زمکه نه ده جی، داسے خلور پینځه نور سائټس دی جی، په موټر وے باندے هم ده او په دغه باندے چه هغه Identified شوی دی جی او د هغے Purposes چه دی، هغه تر اوسه پورے Clarify نه ده جی، نو زهٔ به خواست کومه جی چه منسټر صاحب د دا نور ټول چه څومره داسے سائټس دی، په هغے کښے په موټر وے باندے هم

ده، په سوات کښے هم دوه درے ځایونه دی چه په هغے کښے هم اوګوری او که دا وی نو چه De notify نوټیفیکیشن د ډولو اوشی جی۔

جناب سپیکر: منسٹر ریونیو، پلیز اس پہ بھی ذرا آپ دیکھ لیں اور ان کیساتھ بیٹھ جائیں کہ کیا۔۔۔۔

وزیر مال واملاک: بس یہ ہے جی کہ اس کو Pinpoint کرنا پڑیگا، Pinpoint ہو گا تو پھر اس پر بیٹھ جائیں گے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر، په موټر وے باندے ده او په سوات ډسټرکټ کښے ده جی۔

جناب سپیکر: جی، جی، آپ ان کیساتھ بیٹھ جائیں تو یہ بتادیگا۔ جی بی بی، تاسو څه وایئ؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، بهر ګیټ باندے ساوتھ وزیرستان نه زمونږه څه خوئیندے راغلے دی چه هغه په کنټریکټ ملازمینو کښے راځی او هغوی دلته کښے بهوک هړتالی کیمپ هم د پریس کلب مخے ته لګولے دے نو سر، د هغوی په باره کښے زۀ وایمه چه هغه کمیټی هم تر اوسه پورے جوړه نه شوه چه تاسو دا دلته کښے آرډر کړے وو چه د دے په باره کښے کمیټی جوړه کړے شی چه هغه آل کنټریکټ لیکچررز چه دی، د هغوی په باره کښے، سر، دا پندره سو کسان دی چه هغه دے سره Affect کیږی لګیا دی او د هغوی Age limit چه دے، هغه Thirty دے چه کوم هغوی کراس کړے دے۔ سر، د هغوی د پاره مهربانی اوکړئ، هغه غریبانانے بهر ولاړے دی، څلور زمونږه خوئیندے دی چه هغه ساوتھ وزیرستان نه راغلے دی نو د هغوی د پاره دا کمیټی تاسو که اناؤنس کړئ چه دا ټول، زمونږه دا Matter چه دے، په هغے کښے ډسکس کړو جی۔

جناب سپیکر: دا فیډرل سبجیکټ دے که پراونشل دے؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نه جی پراونشل سبجیکټ دے، زمونږه سبجیکټ دے۔

جناب سپیکر: هاں جی؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: دا زمونږه پراونشل سبجیکټ دے جی۔ په دے باندے مخکښے هم خبره شوے وه او بشیر بلور صاحب دا۔۔۔۔

جناب سپیکر: نا دا د نارتھ وزیر ستان نه راغلے دی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، دا زمونږه دا آل کنټریکټ لیکچررز دی۔

جناب سپیکر: نه تاسو خو اوس د نارتھ وزیرستان خبره اوکړه۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: دا سر، هغه خوئیندے دی چه کوم په ایجوکیشن کښے هغوی جاب کوی لګیا دی او هغوی دوئ د کنټریکټ نه اوس ویستی دی او دوئ ورته وئیلی دی چه تاسو لاړ شئ د پبلک سروس کمیشن په تھرو باندے راشئ نو هغه غریبانانے د هلته نه راغلے دی نو سپیکر صاحب، تاسو د دے د پاره کمیټی اناؤنس کړئ جی۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، شازیہ اورنگزیب بی بی۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: دا تشے زمونږه خوئیندے نه دی، زمونږه ورونړه هم دی او هغوی پرون کیمپ لګولے وو د پریس کلب بهر او دا جی ډیره Important issue ده۔ مونږه خو دا غټے غټے خبرے دلته کښے کوؤ خو چه د چا دے وخت کښے حقوق At stake وی نو زما په خیال کښے دغه زیاته Important issue ده او هغوی پرون سحره راسے بهوک هړتال کیمپ لګولے وو، چا ئے تپوس نه دے کړے، دا ډیره د افسوس خبره ده۔ زهٔ وایم چه د ټولو نه مخکښے خو دا قسم ایشوز چه دی، هغه Take up کول پکار دی او دا صرف خوئیندے نه، زمونږه ورونړه هم دی او هغه په ډیر تعداد کښے دی جی۔

جناب سپیکر: دا د وزیر ستان دی که د دے ځائے دی؟

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: نه جی، دا پوره پراونشل دی، پوره د پراونس خلق دی۔

محترمہ نگہت یاسمین اوکزئی: پوره د صوبے دی۔

جناب سپیکر: تاسو خو د وزیر ستان اووئیل کنه۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب، زهٔ دا Explain کوم جی۔ زهٔ دا Explain کوم جی۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: د پوره صوبے خلق دی جی۔

جناب سپیکر: بس اوشو جی، دا اوشوه۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر(بلدیات): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب!۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: دا جی مخکښے بشیر بلور صاحب دوئ ته یو ځلے ناں کړے وو په دے خبرے باندے او مسئله ئے دا کړے وه چه پنځلس سوه کسان دی صرف جی او هغوی هره ورځ احتجاج کوی، اوس هغوی بهوک هړتال شروع کړو جی نو جی دا ډیر غټ حکومت دے، د پندره سو کسانو مسئله نه ده، لږ د دوئ نرمی اوکړی،

سینیئر وزیر(بلدیات): جناب سپیکر۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، جی، انور خان، تهٔ څه وایے؟ بشیر بلور صاحب! اودریږه هغه هم څه وائی۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: سر، زما خبره د دے ریونیو سره Related وه خو په مینځ کښے دا خبره راغله جی۔ په ریونیو ډیپارټمنټ کښے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اودریږه هغه به بیا اوکړے، هغه به بیا اوکړے۔ اوس بشیر بلور صاحب، دا کرنټ ایشو روانه ده۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر(بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی)}: جناب سپیکر صاحب، دا مخکښے هم فلور آف دی هاؤس شوے وه او هلته هم دا ریکویسټ کړے وو چه پبلک سروس کمیشن چه دے، تاسو خیال شته چه مونږه دلته، دوئ دا هم وئیلی وو چه دا پوستونه چه دی، واپس خلقو ته ملاؤ شی، مونږه دا وایو چه میرټ باندے کار اوشی او دے خلقو ته چه کوم خلق په کنټریکټ باندے دی، دوئ ته هم

بالکل اختیار شته، دوئ ته موقع دغه شته چه دوئ د لاړ شی پبلک سروس کمیشن ته او خپل امتحان ورکړی او یو کس چه دے ، هغه به امر مجبوری په کنټریکټ باندے راشی او چه کوم سړے سی ایس ایس اوکړی، هغه د Ignore کړے شی او دا د بحال شی، د حکومت پالیسی دا نه ده او نه مونږه دا کولے شو۔ په دے وجه باندے چه کوم خلق چه هغوی سی ایس ایس کوی، پبلک سروس کمیشن نه هغوی راځی، هغوی خو تاسو Ignore کوئ او چه کوم خلق پبلک سروس کمیشن ته ځی او نه شی پاس کولے امتحان، هغه تاسو، دا کوم میرټ دے ؟ د حکومت پالیسی دا ده چه مونږه دا کنټریکټ والا چه دی، هغه نه شو بحال کولے۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، په هغے کښے دا دی، لکه څنګه چه منسټر صاحب اووئیل خو جناب سپیکر صاحب، یو عرض کومه ډیر مؤدبانه چه دوئ دا اووئیل چه پبلک سروس کمیشن ته لاړ شی نو جناب سپیکر صاحب، د دوئ ایج اوس تیر شوے دے چه دا پبلک سروس کمیشن ته Apply نه شی کولے او جناب سپیکر، هم دے منسټر صاحب دلته یو بیان ورکړے وو چه دا یوه کمیټی به جوړیږی او په هغه کمیټئ کښے به دا خبره ډسکس کیږی، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> د عبدالاکبر خان دا یو بل Pending وو، هغه څه خبره ده جی؟ تاسو کښینئ۔ بشیر بلور صاحب! کښینی۔ *عبدالاکبر خان کا مائیک آن کریں۔*

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> *تقریباً چار پانچ ماہ ہو چکے ہیں کہ اس ہاؤس میں میں نے ایک بل موو کیا تھا اور آپ نے اس ہاؤس میں اس کو کمیٹی کے حوالے کیا تھا لیکن افسوس کا مقام ہے کہ چونکہ اس ڈیپارٹمنٹ کا منسٹر جو ہے، وہ چیف منسٹر صاحب ہے اور ان رولز میں ہے، سلیکٹ کمیٹی کو آپ نے حوالے کیا تھا اور سلیکٹ کمیٹی کے رولز میں یہ ہے کہ* Concerned Minister will be the chairman of the Select Committee چه کوم ډیپارټمنټ سره وی۔ *اب جناب سپیکر، چار مہینوں، پانچ مہینوں میں وزیراعلیٰ صاحب کیساتھ تو ٹائم نہیں ہے کہ وہ آ کر، اور بار بار آپ کے سیکرٹریٹ نے ان کو لکھا بھی ہے-----*

<u>جناب سپیکر:</u> *قاضی اسد صاحب! یہ ذرا سن لیں تو پھر اس کے بعد۔*

جناب عبدالاکبر خان: سر، تو اس میں یہ بات ہے کہ رولز میں پھر یہ ہے کہ اگر Concerned Minister مثال کے طور پر نہیں ہے یا Available نہیں ہے تو رولز میں ہے کہ پھر ڈپٹی سپیکر اس کو Preside کرتا ہے تو جناب سپیکر، آپ کی رولنگ چاہیئے کہ اب اگر چھ مہینے ایک بل جو ہے، وہ Pending پڑا ہوا ہے، اس پر کوئی کام نہیں ہو رہا ہے، اس کو آپ نے کمیٹی کے حوالے کیا ہے، کمیٹی بنا دی گئی ہے اور اس کمیٹی کی ایک میٹنگ ابھی تک نہیں ہو سکی ہے۔ وزیر اعلیٰ صاحب، میں سمجھتا ہوں کہ بڑے مصروف ہیں، ان کیساتھ وقت نہیں ہے تو یا تو کوئی آپ اور منسٹر کو کر دیں یا پھر ڈپٹی سپیکر جو رولز کے مطابق ہے، سلیکٹ کمیٹی میں ان کو ہدایت کر دیں کہ وہ اس کمیٹی کو Preside کر دیں۔ تو مہربانی آپ کی ہو گی جی، یہ بڑا گھمبیر مسئلہ بنتا جا رہا ہے، یہ صرف لیکچررز کا نہیں ہے، It's all Contract Employees، وہ حکومت اپنا Version دیں اور ہم اپنا Version دیگر، اس میں بیٹھ کر Decide کریں گے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے جی۔ وزیر اعلیٰ صاحب کو اگر ٹائم نہیں ہے تو ڈپٹی سپیکر صاحب اس کو Preside کریں گے۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر صاحب، تشے کمیٹیانے جوڑے شوے دی۔

جناب سپیکر: بس جی، بس ایشو ختم ہو گیا، اس پر رولنگ میں نے دے دی ہے۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: تشے کمیٹیز جوڑے دی او پہ کولہ ستوریج کبنے ھسے پرتے دی، Implementation پکار دے جی۔ د حکومت کمیٹیز جوڑیږی او Implementations نشتہ۔

جناب سپیکر: اوشو جی، ډپټی سپیکر بہ دا کمیٹی Preside کوی، ما رولنگ ورکړو جی۔ بس اوس مخکبنے ځو جی۔ Item No. 8, the Honorable Minister for Housing, NWFP, to please move for leave of the House to withdraw the Defence Housing Authority Bill, 2008 as introduced on 19.8.2008. Law Minister on behalf of Housing Minister.

آرڈیننس ہا کا واپس لیا جانا

<u>Mr. Barrister Arshad Abdullah (Minister for Law, Parliamentary Affairs and Human Rights):</u> I wish to move under sub rule (1) of rule 107 of the Provincial Assembly of NWFP, Procedure and

Conduct of Business Rules, 1988, that leave may be granted to withdraw the Defence Housing Authority……

جناب سپیکر: ذرا تیز پڑھیں، سمجھ نہیں آ رہی ہے کسی کو۔

Minister for Law, Parliamentary Affairs and Human Rights: I wish to move under sub rule (1) of rule 107 of the Provincial Assembly of NWFP, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, that leave may be granted to withdraw the Defence Housing Authority Peshawar Bill, 2008 as introduced on date 19.08.2008 in this House.

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر۔ یہ آنریبل منسٹر نے Move کیا ہے کہ ہم اس بل کو واپس لے رہے ہیں جو بل اس اسمبلی میں پیش کیا گیا تھا اور آنریبل ممبرز میں تقسیم ہوا تھا۔ جناب سپیکر، اس پر یہاں اپوزیشن اور گورنمنٹ کے بھی کافی ممبرز نے کافی Reservations دکھائی تھیں اور آپ نے مہربانی کی تھی، اس کو کمیٹی کے حوالے کیا تھا جو لاء ریفارمز کمیٹی ہے۔ آج دو بجے جناب سپیکر، اس کی میٹنگ ہے، آپ نے Convene کر دیا ہے اور آپ اس کے چیئرمین ہیں۔ اب جناب سپیکر، بات یہ ہے کہ جب یہ Withdraw کر رہے ہیں تو ہمیں یہ بتائیں، اب جناب سپیکر، یہ جب Withdraw کر رہے ہیں تو اس کمیٹی کے پاس تو پاور ختم ہو جائیگی، وہ کمیٹی تو کچھ نہیں کر سکے گی اس Withdrawal کے بعد، اب بات یہ ہو گی کہ دوسرا جو آرڈیننس نکلا ہے، یہ اسلئے Withdraw کر رہے ہیں کہ یہ مر گیا ہے، اس کا ٹائم ختم ہو چکا ہے اور اس کے بعد انہوں نے دوسرا آرڈیننس جناب سپیکر نکالا ہے تو وہ پہلا جو بل میں Convert ہوا تھا، اس کو Withdraw کر رہے ہیں، اب نیا آرڈیننس جو ہے نا، یہ لائیں گے بل کی شکل میں پھر۔ اب ہم نے تو ایک دفعہ، اس ہاوس نے اس کو لاء ریفارمز کمیٹی کے حوالے کیا تھا، آج جب لاء ریفارمز کمیٹی کی میٹنگ ہو گی، وہ بل نہیں آئیگا، اس Withdrawal کے بعد نہیں آئیگا، جب وہ نہیں آئیگا تو جو دوسرا آرڈیننس آئیگا بل کی صورت میں، پھر اس کی حیثیت کیا ہو گی؟ کیا ہم یہ سمجھیں کہ وہ بل لاء ریفارمز کمیٹی کو Refer consider کیا جائے؟ دیکھیے نا جی بڑی Important بات ہے، اگر حکومت Legislation نہیں کر سکتی In time تو اس میں ہمارا تو کوئی گناہ نہیں ہے جناب سپیکر۔ اب اگر وہ In time legislation نہیں کرا سکتی، آپ ریفر کرتے ہیں کمیٹی کے پاس، دوسرا آرڈیننس آ جاتا ہے، پہلا آرڈیننس مر جاتا ہے تو پھر ہم کدھر جائینگے؟

Mr. Speaker: Law Minister Sahib.

وزیر قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: سر، اس میں گزارش یہ ہے، میرے خیال میں اپنے سوال کا انہوں نے خود ہی جواب دے دیا ہے کہ ٹائم پورا ہو گیا تھا Ordinance had to come, and other Ordinance had to come. چونکہ جو پہلے ہم نے Introduce کیا تھا، یہ والا جس کو ابھی Withdraw کریں جی، اس کا ٹائم پورا ہو گیا تھا تو لہٰذا دوسرا Ordinance had to come in to field۔ دوسری بات یہ ہے جی کہ We have no choice اس میں اور اگر In time وہ کمیٹی اس پر Act کر لیتی اور In time اس کی Legislation ہو جاتی تو بہت اچھا تھا۔ اب دوبارہ ہم نے یہ ایوان میں دوسرا بل پیش کیا ہوا ہے تو اس پر بات ہو سکتی ہے۔ اس پہ ہاؤس کی جتنی Suggestions ہیں، اس کو لیا جا سکتا ہے تو House will not be deprived -----

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، یہ بات وہ ٹھیک کر رہے ہیں کہ تین مہینے میں Legislation نہ ہو سکی تو آرڈیننس Lapse کر جائیگا-----

Mr. Speaker: Anyhow…..

جناب عبدالاکبر خان: لیکن سر، ابھی آپ نے جو دو بجے میٹنگ بلائی ہے، اس نئے آرڈیننس کو جو انہوں نے نکالا ہے، اس کو ہم بل Consider کر کے لے لیں؟ اگر اس نئے آرڈیننس کو ہم بل Consider کر کے لے لیں تو پھر تو بات ٹھیک ہے لیکن اگر اس کو بل Consider کر کے نہیں لیں گے تو وہ تو آرڈیننس ہے، بل تو آپ لائے ہی نہیں ہیں تو جب بل لائے نہیں ہیں تو وہ ریفر کیسے ہو گا، جناب سپیکر؟ تو میرے خیال میں اس کو Consider کر لیں، نیا آرڈیننس ہو بہو وہی آرڈیننس ہے۔

Mr. Speaker: Okay. Law Minister Sahib!

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، اس پر آپ اپنا رولنگ دیں۔

جناب سپیکر: اس پر میں اپنا رولنگ Reserve کرتا ہوں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، پھر نیا جو لائیں گے تو پھر اس کو دوبارہ Move کریں گے۔

وزیر قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: یہ جو ہے، اگر اس پر-----

جناب سپیکر: ابھی چونکہ آپ خود کہہ رہے ہیں کہ اس کا Lapse ہو چکا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: بل آپ کے پاس پڑا ہے، آپ نے آج دو بجے اس پر میٹنگ کال کر دی ہے اور آپ نے ایجنڈے میں اس کو شامل کیا ہے۔ آج جب یہ واپس لے رہے ہیں تو اس کی حیثیت کیا ہو گی؟ اس کمیٹی کی حیثیت کیا ہے؟

جناب سپیکر: یہ تو Withdraw ہو جائیگا نا۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، تو پھر وہ بھی Withdraw ہو جائیگا۔

جناب سپیکر: کونسا؟

جناب عبدالاکبر خان: وہ جو کمیٹی کے پاس ہے تو پھر کمیٹی والا بھی Withdraw ہو جائیگا۔

جناب سپیکر: پھر تو کمیٹی میں تو اور بھی پوائنٹ بہت ہیں نا۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، میں اس Specific Bill کی بات کر رہا ہوں۔

جناب سپیکر: وہ تو Withdraw ہو جائیگا، یہ تو کنفرم ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: تو Withdraw ہو جائیگا تو پھر ہم دوبارہ کمیٹی کے پاس بھیجیں گے تو پھر وہ تو Lapse ہو رہا ہے۔

وزیر قانون، پارلیمانی امور وانسانی حقوق: اگر نیا۔۔۔۔

جناب سپیکر: اگر ہاؤس چاہے گا، ہاؤس کی طرف سے اجازت ملتی ہے تو ضرور۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، ہاؤس نے تو ایک دفعہ آپ کو اجازت دی تھی، اس میں ہمارا گناہ تو نہیں ہے۔

جناب سپیکر: یہ کل آئیگا، کل اس پر پھر بحث کریں گے۔ جی آ گے۔

وزیر قانون، پارلیمانی امور وانسانی حقوق: بس سر، We want to withdraw it، اگر اس کے اوپر کوئی شو آف ہینڈز سے ووٹنگ چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے Otherwise the Government، ٹریژری بنچز جو ہیں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جی ہاں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، بیٹھ جائیں لاء منسٹر صاحب۔ The motion before the House is that the leave may be granted to the Honourable Minister to withdraw the Defence Housing Authority Bill, 2008, as introduced on 19.08.2008 in the House? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those who against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The leave is granted and the Bill be considered as withdrawn. Item No. 9, the Honourable Minister for Industries, NWFP, to please move for leave of the House to withdraw the North-West Frontier Province Sarhad Development Authority ……..

(شور)

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> سر، یہ وزیر صنعت نہیں ہے۔

<u>One Voice:</u> Honourable Speaker! ....

<u>جناب سپیکر:</u> صبر، ایک منٹ صبر، میں نے پورا نہیں پڑھا ہے ابھی۔

<u>حاجی شیر اعظم خان وزیر (وزیر محنت):</u> نه زما دے-----

(شور)

<u>جناب سپیکر:</u> آپ لوگوں کو میں نے بڑا فری ماحول دیا ہے تو اس وجہ سے آپ لوگ بھی تجاوز کر رہے ہیں، میں یہ دوبارہ پڑھتا ہوں۔ Item No. 9, the Hon'able Minister for Industries, NWFP, to please move for leave of the House to withdraw the North-West frontier Province Sarhad Development Authority Mineral Wing (Taking Over) Bill, 2008, as introduced in the House on 29.08.2008.

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> سر، یہ غلطی آپ کے آفس کی ہے کہ وزیر معدنیات کو وزیر صنعت لکھا ہے اور دوبارہ آپ نے وہی رولنگ دی تو آپ ان کو، یا تو ان کا پروٹوکول ہی تبدیل کریں گے اور یا یہ کہ یہ آج نہ پڑھیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> منرل ونگ اصل میں ان کے پاس ہے نا۔ Hon'able Minister please move.

<u>Mr. Mehmood Zaib Khan (Minister for Mineral Development & Technical Education)</u>: Honourable Speaker, I beg to move under sub rule (1) of rule 107 of the Provincial Assembly of NWFP Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, that leave may be granted to withdraw the North-west frontier Province, Sarhad Development Authority Mineral Wing (Taking Over) Bill, 2009 as introduced on dated 29.08.2008 in the House.

<u>Mr. Speaker:</u> The motion moved and the question is that leave may be granted to the Honourable Minister to withdraw the NWFP Sarhad Development Authority Mineral Wing (Taking Over) Bill, 2008, as introduced on 29.08.2008 in the House? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The Leave is granted and the Bill

be considered as withdrawn. میرے خیال میں آج کیلئے اتنا کافی ہے۔

The sitting is adjourned till tomorrow 10.am. Thank you.

(اسمبلی کا اجلاس مورخہ 14 جنوری 2009 بروز بدھ صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)